e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
# اودھ نامہ
# avadhnama
Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 62 Monday , December 02 2024 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۴)شمارہ نمبر(۶۲) لکھنؤ، بروز پیر ۲-دسمبر ۲۰۲۴ء، مطابق ۲۹/جمادی الاول ۱۴۴۶ھ صفحات-۸

## موجودہ حالات میں معیشت کی ترقی کیلئے یکساں مواقع ضروری: راہل

نئی دہلی، 01 دسمبر (یو این آئی) کانگریس کے سابق صدر اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی نے کہا کہ ملک کی اقتصادی حالت مسلسل خراب ہوتی جا رہی ہے اور مجموعی گھریلو پیداوار (جی ڈی پی) کی شرح نچلی ترین سطح پر آ گئی ہے۔ اس لیے سب کو یکساں مواقع دے کر معیشت کو ترقی دینے کی ضرورت ہے۔ یہاں پارٹی کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر گاندھی نے کہا، ہندوستان کی جی ڈی پی کی شرح نمو دو سال میں سب سے کم 5.4 فیصد پر آ گئی ہے۔ بات واضح ہے- ہندوستانی معیشت اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتی جب تک کہ صرف چند ارب پتیوں کو اس کا فائدہ مل رہا ہو اور کسان، مزدور، متوسط طبقہ اور غریب مختلف معاشی مسائل سے نبرد آزما ہوں۔ انہوں نے اس صورتحال کو تشویشناک قرار دیتے ہوئے کہا، "خوردہ مہنگائی 14 ماہ کی بلند ترین سطح 21.6 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔

## جے شاہ آئی سی سی چیئرمین کے عہدہ پر فائز

نئی دہلی۔ ہندوستانی کرکٹ کے لیے آج ایک بڑا دن ہے۔ آج یعنی 1 دسمبر سے بی سی سی آئی کے سابق سیکریٹری جے شاہ اب آئی سی سی کے نئے چیئرمین کے عہدے پر فائز ہونے جا رہے ہیں۔ رواں سال کے اگست ماہ میں جے شاہ کو متفقہ طور پر آئی سی سی کا نیا چیئرمین منتخب کر لیا گیا تھا۔ جے شاہ سے قبل اس عہدے پر گریگ بارکلے سال 2020 سے براجمان تھے۔ جے شاہ نے چارج سنبھالنے سے قبل ہی یہ اعلان کیا کہ سال 2028 لاس اینجلس اولمپکس میں کرکٹ کا کامیاب انعقاد اور خواتین کی کرکٹ کو فروغ دینا ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ جے شاہ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "میں چیئرمین کا عہدہ سنبھال کر فخر محسوس کر رہا ہوں، آئی سی سی کے سبھی ڈائریکٹرز اور بورڈ ممبران کے تعاون کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ہم 2028 لاس اینجلس اولمپکس کی جانب آگے بڑھ رہے ہیں اور یہ سفر کافی یادگار رہنے والا ہے۔

# جوڈیشل انکوائری کمیٹی کا سنبھل دورہ، تشدد زدہ علاقہ کا کیا معائنہ

## سنبھل کے حالات پر نگرانی، ٹیم نے مسجد کمیٹی سے بھی بات کی، عدالتی جانچ کمیشن کی 3 رکنی ٹیم دو ماہ میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی

سنبھل: سنبھل تشدد کی عدالتی تحقیقات کے لیے تشکیل دی گئی تین رکنی ٹیم آج سنبھل پہنچی۔ ٹیم کو دو ماہ میں اپنی رپورٹ پیش کرنی ہے۔ پولیس کی جانب سے سخت حفاظتی بندوبست کیے گئے ہیں۔ کمیٹی تشدد زدہ علاقوں کا جائزہ لے رہی ہے۔ 24 نومبر کو کورٹ کمشنر نے سنبھل کی شاہی جامع مسجد کو ہری ہر مندر ہونے کے دعوے کو لے کر ایک سروے کیا تھا۔ اس سروے کے دوران تشدد پھوٹ پڑا تھا۔ پتھراؤ، آتش زنی اور فائرنگ میں پانچ افراد کی موت ہو گئی تھی۔ جبکہ متعدد پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔ اس تشدد کے بعد پولیس نے بڑے پیمانے پر کارروائی کی۔ ٹیم نے پولیس انتظامیہ کے افسران کو پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیے ہیں۔ ٹیم نے مسجد کمیٹی سے بھی بات کی ہے۔

ایس پی ایم پی ضیاء الرحمن برق اور ایس پی ایم ایل اے اقبال محمود کے بیٹے سہیل اقبال سمیت کئی لوگوں کے خلاف سنگین دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے، جبکہ 2750 نامعلوم افراد کے خلاف بھی مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ تشدد سے نمٹنے کے لیے کئی اضلاع سے پولیس فورس کو تعینات کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی اس معاملے پر سیاست بھی گرم ہو گئی ہے۔ اب حکومت نے جوڈیشل انکوائری کمیٹی بنا دی ہے۔ ہائی کورٹ کے ریٹائرڈ جج دیویندر اروڑہ کی قیادت میں تین رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ اس کمیٹی میں سابق آئی پی ایس اے کے جین اور امیت موہن پرساد بھی شامل ہیں۔ یہ کمیٹی دو ماہ میں تحقیقاتی رپورٹ حکومت کو فراہم کرے گی۔



### کمیشن کے 4 نکات

- کیا تشدد کسی سازش کے تحت منصوبہ بند تھی؟
- کیا پولیس تحفظ کے انتظامات ٹھیک تھے؟
- کن وجوہات سے اور کن حالات میں تشدد ہوا، اس کی وجہ کیا تھی؟
- آگے مستقبل میں ایسے واقعات نہ ہوں اس کے لیے کیا اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔

اے بی پی لائیو کی خبر کے مطابق مراد آباد کے ڈویژنل کمشنر آنجنیئے کمار سنگھ نے اس سلسلے میں بتایا کمیشن کے دو رکن ہفتہ کو مراد آباد پہنچے۔ تیسرے رکن اتوار کو سنبھل جاتے وقت ان سے ملاقات کر کے اپنا تعاون دیں گے۔ آنجنیئے کمار سنگھ نے آگے کہا کہ جانچ کمیٹی اپنا کام کرے گی، وہ طے کرے گی کہ کیا کرنا ہے، ہمیں صرف ان کی مدد کرنی ہے۔ تحفظ کے انتظامات کیے گئے ہیں، جس مقام پر وہ جائیں گے وہاں سکیورٹی فورس تعینات کیے گئے ہیں۔ اس کے بعد وہ آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے۔ جانچ کمیٹی کے مطابق ہی انتظامات ہوں گے۔ سنبھل کے حالات پر نگرانی کی جا رہی ہے۔

ذرائع کے مطابق مراد آباد کے ڈویژنل کمشنر آنجنیئے کمار سنگھ نے اس سلسلے میں بتایا کمیشن کے دو رکن ہفتہ کو مراد آباد پہنچے۔ تیسرے رکن اتوار کو سنبھل جاتے وقت ان سے ملاقات کر کے اپنا تعاون دیں گے۔ آنجنیئے کمار سنگھ نے آگے کہا کہ جانچ کمیٹی اپنا کام کرے گی، وہ طے کرے گی کہ کیا کرنا ہے، ہمیں صرف ان کی مدد کرنی ہے۔ تحفظ کے انتظامات کیے گئے ہیں، جس مقام پر وہ جائیں گے وہاں سکیورٹی فورس تعینات کیے گئے ہیں۔ اس کے بعد وہ آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے۔ جانچ کمیٹی کے مطابق ہی انتظامات ہوں گے۔ سنبھل کے حالات پر نگرانی کی جا رہی ہے۔ یوپی کے ایڈیشنل سکریٹری (داخلہ) دیپک کمار کی طرف سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سنبھل تشدد کے لیے تشکیل جانچ کمیشن کے چیئرمین الہ آباد ہائی کورٹ کے سبکدوش جج جسٹس دیویندر کمار اروڑہ ہیں۔ جبکہ دیگر اراکین میں سبکدوش آئی اے ایس افسر امت موہن پرساد اور سبکدوش آئی پی ایس افسر اروند کمار جین شامل ہیں۔ کمیشن کے چیئرمین ہائی کورٹ کے ریٹائرڈ جج دیویندر اروڑہ نے سنبھل سے روانہ ہوتے ہوئے میڈیا کو بتایا کہ یہ تحقیقات دو ماہ تک جاری رہے گی۔ واقعے کی تہہ تک پہنچیں گے۔ اب کمیشن کی ٹیم نے واقعہ کے بارے میں ابتدائی معلومات حاصل کی ہیں اور جائے حادثہ کا معائنہ کیا ہے۔ تاکہ صورتحال کو سمجھا جا سکے۔ ابھی تک افسران اور عام لوگوں کے بیانات قلمبند کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر کارروائیاں بھی مکمل ہونا باقی ہیں۔ جس کی وجہ سے دو ماہ لگ جائیں گے۔

### ریاست کو فسادات کی آگ میں جھونک رہی ہے بی جے پی: اکھلیش



ایس پی صدر اکھلیش یادو نے کہا کہ جن کی نیت امن کو خراب کرنا ہے ان کی ترقی نہیں ہو سکتی۔ بی جے پی کی سوچ ترقی مخالف ہے۔ بی جے پی سماج کو آپس میں لڑا کر سماجی ہم آہنگی کو خراب کر رہی ہے۔ اتر پردیش میں لوک سبھا انتخابات میں شکست کے بعد بی جے پی ریاست کو فسادات کی آگ میں جھونک رہی ہے۔ جاری کردہ بیان میں اکھلیش نے کہا کہ ملک اور ریاست میں دس سال تک اقتدار میں رہنے والی بی جے پی نے عوام کے مفاد میں کوئی کام نہیں کیا۔ مہنگائی، بے روزگاری اور کرپشن اپنے عروج پر ہے۔ ریاست میں لوٹ مار جاری ہے۔ لوگ بی جے پی کے خلاف ہیں۔ بڑھتے ہوئے عوامی غصے سے خوفزدہ بی جے پی آئین مخالف اور جمہوریت مخالف کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار کے اعلیٰ عہدوں پر فائز لوگ انتشار پسند عناصر کو پروان چڑھا رہے ہیں۔ آئین پر حلف اٹھانے کے بعد بھی وہ بلا امتیاز کام کر رہے ہیں۔ اپنی کرسی بچانے کے لیے وہ اتر پردیش اور ملک کے لوگوں کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ ریاست میں ترقیاتی کام ٹھپ ہیں۔ نوجوانوں کو روزگار اور روزگار نہیں مل رہا۔ خواتین محفوظ نہیں ہیں۔ کسانوں کو کھاد اور بیج نہیں مل رہے۔ ایس پی صدر نے کہا کہ گنے کے کسانوں کو صحیح قیمت نہیں مل رہی ہے۔ دھان کی خریداری کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ کسان، نوجوان، غریب متوسط طبقہ مسائل میں الجھا ہوا ہے۔ بی جے پی حکومت مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے آئے روز نئی نئی سازشیں اور سازشیں رچ رہی ہے۔

# دہلی اسمبلی انتخابات میں سہ رخی مقابلہ

## عام آدمی پارٹی نے بھی تنہا چناؤ لڑنے کا کیا اعلان، سیاسی رسہ کشی کے درمیان اتحاد کے امکانات معدوم، کانگریس نے بھی کل اکیلے چناوی میدان میں اترنے کا اعلان کیا تھا



نئی دہلی: دہلی میں اگلے سال فروری میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کی تیاریاں اب زور پکڑ چکی ہیں۔ حکمران عام آدمی پارٹی (عآپ)، بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) اور کانگریس سبھی نے انتخابی میدان میں اترنے کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔ اس سیاسی رسہ کشی کے درمیان اتحاد کے امکانات معدوم ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے انتخابی معرکہ سہ رخی ہونے کا قوی امکان ہے۔ عام آدمی پارٹی نے واضح کر دیا ہے کہ وہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں کسی پارٹی کے ساتھ اتحاد نہیں کرے گی۔ کیجریوال نے اس کا اعلان کیا ہے۔ عآپ ذرائع نے بتایا کہ پارٹی تمام 70 اسمبلی سیٹوں پر اپنے امیدوار کھڑے کرے گی۔ یہ فیصلہ عآپ کی انتخابی حکمت عملی کی نمائندگی کرتا ہے، جس میں وہ اپنے آزاد اور مضبوط ووٹ بینک کو برقرار رکھنے کی کوشش کر رہی ہے۔

دہلی کانگریس کے ریاستی صدر نے بھی 70 سیٹوں پر امیدوار کھڑے کرنے کی تیاریوں کا اعلان کیا ہے۔ اس سے یہ واضح ہو گیا ہے کہ کانگریس بھی عام آدمی پارٹی کے خلاف پوری طاقت کے ساتھ انتخابی میدان میں اترے گی۔ دوسری جانب بی جے پی بھی اپنی پوزیشن مضبوط کرنے کے لیے رابطے کرنے میں مصروف ہے، تاکہ مستقبل کے منصوبوں کو زمین پر لانے کی کوشش کی جا سکے۔ عام آدمی پارٹی نے حال ہی میں اپنے 11 امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے، جس میں چھ لیڈروں کے نام شامل ہیں جنہوں نے حال ہی میں کانگریس یا بی جے پی چھوڑ کر عآپ میں شمولیت اختیار کی ہے۔ ان میں کچھ ایسے رہنما بھی ہیں جو پہلے بی جے پی کے ایم ایل اے رہ چکے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عآپ اپنی پوزیشن مضبوط کرنے کے لیے اپنی پارٹی میں دیگر پارٹیوں کے لیڈروں کو شامل کر رہی ہے۔

اگرچہ عآپ نے دہلی اسمبلی انتخابات میں کسی سے بھی اتحاد سے انکار کر دیا ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ انڈیا بلاک اتحاد قومی سطح پر جاری رہے گا۔ پچھلے لوک سبھا انتخابات کے دوران، عآپ اور کانگریس نے دہلی اور ہریانہ میں اتحاد بنایا تھا، لیکن اس وقت دونوں پارٹیوں کو کامیابی نہیں ملی تھی۔ بی جے پی نے دہلی کی تمام سات سیٹوں پر کامیابی حاصل کی تھی، جب کہ عآپ اور کانگریس نے کچھ نہیں جیتا تھا۔

## دہلی اور یوپی سمیت شمالی ہند کے کئی علاقوں میں ٹھنڈ میں اضافہ، پہاڑی ریاستوں میں برفباری شروع

نئی دہلی۔ راجدھانی دہلی، اتر پردیش سمیت پورے شمالی ہند کے کئی علاقوں میں ٹھنڈ بڑھنے لگی ہے۔ دہلی، اتر پردیش، ہریانہ، پنجاب، مدھیہ پردیش، راجستھان کے کئی شہروں اور گاؤں میں تیزی سے پارہ گر رہا ہے۔ صبح و شام میں ٹھنڈ کا خاصا احساس ہو رہا ہے۔ محکمہ موسمیات نے شمالی ہند میں آئندہ کچھ دنوں میں درجہ حرارت میں مزید کمی کا امکان بھی ظاہر کیا ہے۔ دراصل کشمیر اور ہماچل پردیش وغیرہ پہاڑی ریاستوں میں برفباری شروع ہو گئی ہے جس کی وجہ سے ٹھنڈ بڑھنے لگی ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ اب صبح میں دھند اور ہلکا کہرا چھایا رہ سکتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27 ڈگری اور کم سے کم 11 ڈگری رہنے کا امکان ہے۔ دہلی کے لودھی روڈ میں کم سے کم درجہ حرارت اس وقت سب سے کم 49 ڈگری رہا ہے۔ صفدر جنگ کے پاس صبح سات بجے حدنگاہ 600 میٹر اور آئی جی آئی ایئرپورٹ کے پاس صبح ساڑھے سات بجے کم سے کم حدنگاہ 800 میٹر درج کی گئی۔ جموں کشمیر کے اننت ناگ اور گلمرگ میں کافی برفباری ہوئی ہے۔

## فینگل طوفان کا تمل ناڈو میں زبردست اثر

چنئی (ایجنسی) گردابی طوفان فینگل دستک دے چکا ہے۔ اس کا زبردست اثر تمل ناڈو اور پڈوچیری میں دیکھنے کو مل رہا ہے۔ ان ریاستوں میں اس وقت شدید بارش ہو رہی ہے۔ بارش کے سبب راجدھانی چنئی میں تو سیلاب جیسے حالات پیدا ہو گئے ہیں اور یہاں کے ہوائی اڈہ کو بھی بند کرنا پڑا ہے۔ طوفان کی وجہ سے ہوئی شدید بارش اور تیز ہواؤں نے لینڈ سلائڈ سے پہلے چنئی میں اُڑان اور ٹرین خدمات کو روک دیا ہے۔ اس طوفان کے سبب ایک شخص کی موت کی بھی اطلاع ہے۔ راجدھانی شہر میں کئی اسپتالوں اور گھروں میں پانی داخل ہو گیا ہے۔ تمل ناڈو کے کئی ضلعوں میں اسکول اور کالج بند کر دیئے گئے ہیں اور ہفتہ کو علاقے میں آنے والے طاقتور گردابی طوان سے پہلے سینکڑوں لوگ محفوظ پناہ گاہوں میں چلے گئے ہیں۔ وہیں مرکز کے زیر انتظام پڈوچیری میں نچلے علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو ہٹا دیا گیا ہے انتظامیہ نے باشندوں کو طوفان کے لیے تیار رہنے کے لیے آگاہ کرتے ہوئے ایس ایم ایس الرٹ بھیجا ہے۔ چنئی ہوائی اڈے پر پانی بھر جانے کے سبب کئی پروازیں رد ہونے سے سینکڑوں مسافر متاثر ہوئے ہیں۔ ہوائی اڈے پر آمد و رفت اتوار صبح 4 بجے تک کے لیے معطل کر دیئے گئے۔

# موہن بھاگوت نے کی دو سے زائد بچے پیدا کرنے کی وکالت

## کم از کم تین بچے ہونے چاہیے، آر ایس ایس کے سربراہ بیان پر سیاست گرمائی، کانگریس اور اویسی سمیت اپوزیشن نے اٹھائے سوال



نئی دہلی: (ایجنسی) راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایک) کے سربراہ موہن بھاگوت نے شرح پیدائش میں کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ معاشرے جن کی پیدائش کی شرح 2.1 سے کم ہوئی، وہ ختم ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی کے تناسب کو برقرار رکھنے کے لیے دو سے زائد بچوں کی ضرورت ہے۔ بھاگوت نے ایک پروگرام کے دوران کہا، "جدید آبادیاتی سائنس کے مطابق، اگر کسی معاشرے کی شرح تولید 2.1 سے نیچے چلی جائے تو وہ معاشرہ دنیا سے ختم ہو جاتا ہے، چاہے کوئی بحران نہ ہو۔ اس لیے ہمیں اپنی شرح تولید کو 2.1 سے کم ہونے سے روکنا ہوگا۔" بھاگوت نے زور دیا کہ ہندوستان کی موجودہ آبادیاتی پالیسی کے مطابق، شرح تولید کو 2.1 پر برقرار رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا، اگر ہمیں 2.1 کی شرح تولید چاہیے تو ہر خاندان میں دو سے زیادہ بچے ہونے چاہئیں، بلکہ تین ہونا زیادہ بہتر ہے۔ یہ نہ صرف سماجی بقاء کے لیے ضروری ہے بلکہ سائنسی تحقیق بھی یہی کہتی ہے۔" بھاگوت نے کہا کہ ماضی میں بھی آر ایس ایس نے آبادی کے توازن پر زور دیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ غیر متوازن آبادی ہندوستانی جمہوریت کے لیے خطرہ بن سکتی ہے۔ بھاگوت نے آبادی کی پالیسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا، ہمارے ملک کی آبادی کی پالیسی سال 1998 یا 2002 میں طے کی گئی تھی، جس میں کہا گیا تھا کہ آبادی میں اضافے کی شرح 2.1 سے کم نہیں ہونی چاہیے۔ اگر ہماری آبادی 2.1 ہے۔ اگر ہم ترقی کی شرح چاہتے ہیں تو ہمیں دو سے زیادہ بچوں کی ضرورت ہے، آبادی سائنس بھی یہی کہتی ہے کہ یہ تعداد اہم ہے کیونکہ معاشرے کی بقا ضروری ہے۔

تاہم موہن بھاگوت کے اس بیان پر اپوزیشن نے سخت ردعمل ظاہر کیا ہے۔ آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین (اے آئی ایم آئی ایم) کے رکن پارلیمنٹ اسدالدین اویسی نے بھی موہن بھاگوت کے بیان پر ردعمل ظاہر کیا۔ انہوں نے کہا، بھاگوت جی کہتے ہیں کہ آبادی بڑھنی چاہیے، لیکن کیا وہ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ بچوں کو کچھ فائدہ ملے؟ کیا وہ غریب خاندانوں کو ہر ماہ 1500 روپے دیں گے؟' اویسی نے یہ بھی کہا کہ بھاگوت کو اپنی برادری سے مثالیں دکھانی چاہئیں۔

سماج وادی پارٹی (ایس پی) کے ترجمان فخر الحسن چاند نے کہا کہ جب بھی موہن بھاگوت کچھ دیر بولتے ہیں تو وہ بی جے پی کو بے چین کر دیتے ہیں، موہن بھاگوت نے کہا تھا کہ ہر مسجد میں مندر کیوں تلاش کرنا؟ تب بھی بی جے پی والے صرف مندر مسجد کی سیاست کرتے ہیں۔ اس پر ان کے پاس کوئی جواب نہیں تھا۔ بی جے پی پورے ملک کی آبادی کو لے کر سیاست کر رہی ہے، ایس پی سمجھتی ہے کہ موہن بھاگوت کے بیان کے بعد اب بی جے پی کے پاس کوئی جواب نہیں ہے۔ ایس پی کا نظریہ آر ایس ایس سے میل نہیں کھاتا لیکن اگر انہوں نے کچھ صحیح کہا ہے تو اسے درست کہنا غلط نہیں ہے۔

کانگریس لیڈر اور اپوزیشن لیڈر امنگ سنگھار نے بھی موہن بھاگوت کے بیان پر سوالات اٹھائے۔ موہن بھاگوت پر سوال اٹھاتے ہوئے کانگریس نے کہا، جو پہلے سے موجود ہیں انہیں نوکریاں دیں، نوکریاں نہیں ہیں، فصل کی زمین کم ہو رہی ہے۔ موہن بھاگوت چاہتے ہیں کہ 2 سے زیادہ بچے ہوں۔ ملک میں پہلے سے ہی بے روزگاری ہے۔ آج جو نوجوان ہیں انہیں نوکریاں نہیں مل رہیں، فصلیں کم ہو رہی ہیں جبکہ آبادی بڑھ رہی ہے۔ وہیں چین نے جہاں آبادی کم کی ہے، وہ آج سپر پاور بن چکا ہے۔ موہن بھاگوت چین سے سیکھنے کے قابل نہیں ہیں اور وہ ملک کو آبادی کے لحاظ سے طاقتور بنانا چاہتے ہیں۔ میرا ان کو مشورہ ہے کہ موہن بھاگوت، پی ایم مودی، یوپی کے سی ایم یوگی سب سے پہلے شروع کریں، اگر انہیں آبادی کی اتنی ہی فکر ہے تو خود سے شروع کریں۔

# یوپی میں بجلی بل کیلئے او ٹی ایس اسکیم

## 15 دسمبر سے صارفین اٹھا سکیں گے فائدہ، رجسٹریشن کرانے کے ساتھ اصل بقایہ کا 30 فیصد جمع کرنا ہوگا



لکھنؤ۔ اتر پردیش میں بجلی صارفین کے لیے اچھی خبر ہے۔ یہاں کے بجلی بل بقایہ داروں کے لیے یکمشت نپٹان (او ٹی ایس) اسکیم 25-2024 کی شروعات 15 دسمبر سے ہو رہی ہے۔ یہ اسکیم 15 دسمبر سے 31 جنوری 2025 تک تین مرحلوں میں چلے گی۔ جو لوگ بھی اس کا فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں انہیں فائدہ کے لیے کارپوریشن کی ویب سائٹ پر اپنا رجسٹریشن کرانا ہوگا اور اصل بقایہ کا 30 فیصد جمع کرنا ہوگا، باقی بقایہ میں سرچارج میں چھوٹ ملے گی۔ رجسٹریشن کے وقت 30 ستمبر 2024 تک کے بجلی بلوں کے اصل بقایہ کا 30 فیصد جمع کرنا لازمی ہے۔ صارفین کو 30 ستمبر 2024 تک کے بقایہ بجلی بلوں کے سرچارج میں چھوٹ ملے گی۔ یہ اسکیم تین مرحلوں میں چلے گی، اس میں پہلا مرحلہ 15 دسمبر سے شروع ہو کر 31 دسمبر تک چلے گا جس میں 1 کلوواٹ وزن تک اور اصل بقایہ 5000 تک یکمشت جمع کرنے پر 100 فیصد چھوٹ ملے گی اور 10 قسطوں میں جمع کرنے پر تاخیر ادائیگی سرچارج میں 75 فیصد چھوٹ۔ وہیں 5000 سے زیادہ بقایہ پر 70 فیصد اور قسط میں 60 فیصد چھوٹ ملے گی۔ دوسرا مرحلہ یکم جنوری سے شروع ہو کر 15 جنوری تک چلے گا۔ اس میں 5000 تک یکمشت ادائیگی میں 80 فیصد چھوٹ، قسط میں 65 فیصد چھوٹ، 5000 سے زیادہ پر 60 فیصد چھوٹ اور قسط پر 50 فیصد چھوٹ ملے گی۔ اس کا تیسرا مرحلہ 16 جنوری سے شروع ہو کر 31 جنوری تک چلے گا۔ اس میں یکمشت جمع کرنے پر 70 فیصد چھوٹ، قسط میں جمع کرنے پر 55 فیصد چھوٹ، 5000 سے زیادہ بقایہ پر 50 فیصد اور قسط پر 40 فیصد چھوٹ ملے گی۔

ریاست کے بجلی صارفین کو بجلی بل کے سود اور سرچارج میں بڑی راحت دیتے ہوئے او ٹی ایس اسکیم نافذ کی گئی ہے۔ اس اسکیم کا فائدہ جن لوگوں کو ملے گا وہ ہیں گھریلو صارفین (ایل ایم وی-1)، کمرشیل (ایل ایم وی-2)، نجی ادارے (ایل ایم وی-4 بی)، صنعتی ادارے (ایل ایم وی-6) اور مستقل طور سے کنکشن کٹنے والے صارفین بھی اس کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ صارفین اس کا فائدہ لینے کے لیے ڈویژن، سب ڈویژن آفس، ودیوت سکھی، جن سیوا کیندر یا محکمہ کی ویب سائٹ www.uppcl.org سے اپنا رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ اس میں رجسٹریشن کے لیے اپنا بل اور موبائل نمبر دینا ہوگا اور ادائیگی بھی انہی ذرائع سے کیا جا سکتا ہے۔ وہیں رجسٹریشن کے بعد جو صارفین ادائیگی نہیں کریں گے ان کو اس اسکیم کا فائدہ نہیں ملے گا اور ان کا سرچارج بھی بڑھا دیا جائے گا۔

## مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ کے عہدے کیلئے فڑنویس کا نام طے، بی جے پی لیڈر کا دعویٰ

### این سی پی اور شیو سینا سے نائب وزیر اعلیٰ، پانچ دسمبر کو حلف برداری



ممبئی: مہاراشٹر میں 23 نومبر کو اسمبلی انتخابات کے نتائج کے اعلان کے بعد، مہایوتی کی طرف سے ابھی تک وزیر اعلیٰ کے نام کا سرکاری طور پر اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ بی جے پی کے ایک سینئر لیڈر نے اتوار کو دعویٰ کیا کہ مہاراشٹر کے نئے وزیر اعلیٰ کے طور پر دیویندر فڑنویس کے نام کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر انہوں نے پی ٹی آئی کو بتایا کہ بی جے پی لیجسلیچر پارٹی کی میٹنگ 2 یا 3 دسمبر کو ہوگی۔ نئی مہایوتی حکومت کی حلف برداری تقریب 5 دسمبر کی شام کو جنوبی ممبئی کے آزاد میدان میں ہوگی اور وزیر اعظم نریندر مودی اس میں شرکت کریں گے۔ فڑنویس دو بار وزیر اعلیٰ رہ چکے ہیں۔ تاہم دوسری مدت چند دنوں کے لیے تھی۔ وہ سبکدوش ہونے والی ایکناتھ شندے کی قیادت والی حکومت میں نائب وزیر اعلیٰ تھے۔ این سی پی سربراہ اجیت پوار نے واضح کر دیا ہے کہ، وزیر اعلیٰ بی جے پی سے ہوگا اور حلیف پارٹیوں سے نائب وزیر اعلیٰ ہوں گے۔ این سی پی سربراہ اجیت پوار نے بھی واضح کیا ہے کہ، وزیر اعلیٰ بی جے پی سے ہی بنایا جائے گا۔ مہایوتی میں شامل دونوں حلیف پارٹیوں سے ایک ایک نائب وزیر اعلیٰ بنایا جائے گا۔ جب اجیت پوار سے حکومت کی تشکیل میں تاخیر سے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ، یہ پہلی بار نہیں ہوا ہے کہ تاخیر ہو رہی ہے، اگر آپ کو یاد ہو تو، 1999 میں حکومت کی تشکیل میں ایک مہینہ لگا تھا۔ واضح رہے مہاراشٹر اسمبلی کی مدت 26 نومبر کو ختم ہو چکی ہے۔ مہاراشٹر بی جے پی کے صدر چندر شیکھر باونکولے نے ہفتہ کو پہلے ایکس پر پھر بعد میں بیان جاری کرتے ہوئے حلف برداری تقریب کے انعقاد سے متعلق جانکاری دی۔ انہوں نے کہا، مہایوتی حکومت کی حلف برداری تقریب، ممبئی کے آزاد میدان میں، وزیر اعظم نریندر مودی کی موجودگی میں، 5 دسمبر 2024 کو منعقد ہوگی۔ مہاراشٹر اسمبلی انتخابات میں بی جے پی کی قیادت میں حکمران مہایوتی اتحاد نے ایک بار پھر بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی ہے۔ مہایوتی میں بی جے پی، ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیو سینا اور اجیت پوار کی این سی پی شامل ہے۔ بی جے پی 288 رکنی اسمبلی میں 132 سیٹیں جیت کر سب سے بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے۔ اس کی حلیف شیو سینا کو 57 اور این سی پی کو 41 سیٹیں ملی ہیں۔

# تاج محل۔ لال قلعہ سب منہدم کر دو، کیونکہ انہیں مسلمانوں نے تعمیر کیا!

## ملکارجن کھڑگے کا طنز، کانگریس سمیت تمام اپوزیشن نے وقف بل کی مخالفت کی ہے، کیونکہ یہ سیکولر اقدار اور اقلیتوں کے حقوق کے خلاف ہے



نئی دہلی۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے دہلی کے رام لیلا میدان پر آئین کے تحفظ کے حوالہ سے منعقدہ کانگریس کے عظیم الشان جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئین کو بچانے کے لیے تمام جماعتوں اور تنظیموں کو متحد ہو کر جدوجہد کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کے تحفظ کے بغیر عوام کی شراکت ممکن نہیں۔ انہوں نے تاریخی حوالوں کے ساتھ بتایا کہ برطانوی دور میں صرف امیر زمینداروں کو ووٹ کا حق حاصل تھا، لیکن پنڈت جواہر لال نہرو اور ڈاکٹر امبیڈکر نے مل کر بالغ رائے دہی کی بنیاد رکھی۔ ملکارجن کھڑگے نے طنزاً سوال کیا کہ کیا بالغ رائے دہی مودی نے دی؟ انہوں نے واضح کیا کہ یہ تمام حقوق آئین کی مرہون منت ہیں، جن کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کانگریس صدر نے کہا کہ پچھلے 11 سالوں میں بی جے پی نے مسلسل آئین، آئینی اداروں اور جمہوریت کو کمزور کرنے کی کوشش کی ہے۔ اپوزیشن کی آواز کو دبانے کی کوشش ہوئی۔ میڈیا پر پابندی لگائی گئی۔ بی جے پی کے لیڈران سر عام 400 پارلیمانی سیٹوں کی مانگ کرنے لگیں تاکہ وہ آئین کو بدل سکیں۔ ایسے ماحول میں راہل گاندھی نے کشمیر سے کنیا کماری پھر منی پور سے ممبئی تک کی یاترا نکالی۔ ان یاتراؤں نے عوام کے ایشوز کو کانگریس پارٹی کا ایشو بنایا۔ اس ملک کا ایشو بنایا اور آج آپ سب یہاں اس تاریخی رام لیلا میدان میں اکٹھا ہوئے ہیں کیونکہ یہ ایشو آج بھی ختم نہیں ہوئے۔ سنبھل کے معاملے پر کانگریس صدر نے کہا کہ بی جے پی کا کہنا ہے کہ وہاں پہلے مندر تھا اب مسجد ہے۔ مسجد کے نیچے مندر ہے۔ موہن بھاگوت نے 2022 میں کہا تھا ہر مسجد میں شیولنگ ڈھونڈنے کا کام نہ کریں۔ آپ کے (بی جے پی) کے لوگ ایسا بولتے ہیں پھر بھی آپ یہ کرتے ہیں۔ 1947 سے قبل کے مذہبی مقامات کو جوں کا توں برقرار رکھنے کے لیے سال 1991 میں قانون بنایا گیا تھا۔ یہ لوگ اس کو بھی نہیں مان رہے ہیں۔ قانون بھی آپ بناتے ہو اور توڑتے بھی آپ ہو۔ تاج محل مسلمانوں نے بنایا ہے اس کو بھی جا کر توڑو۔ لال قلعہ مسلمانوں نے بنایا وہ بھی توڑ دو۔ حیدرآباد میں قلعہ ہے وہ بھی توڑ دو۔ سب کچھ ایسے ہی ختم کر دیں گے کیا ہم لوگ۔ ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ "میں بھی ہندو ہوں میرا نام ملکارجن ہے۔ میں سیکولر رہنے کی وجہ سے چاہتا ہوں ایک ہو کر چلو۔ وقف بل کا کانگریس کے ساتھ ساتھ تمام اپوزیشن پارٹیوں نے مخالفت کی ہے۔ یہ لوگ ملک کو توڑنے کا کام کر رہے ہیں۔ یہ لوگ ایسے ہی کرتے رہیں گے تو پھر ایک بار ملک غلامی میں چلا جائے گا۔ ہم سب مل کر انصاف کے لیے لڑیں گے۔

## تلنگانہ: انکاونٹر میں 7 ماؤنواز ہلاک

حیدرآباد یکم دسمبر (یو این آئی) تلنگانہ کے ضلع مُلگ میں پیش آئے انکاونٹر میں 7 ماؤنواز ہلاک ہو گئے۔ یہ انکاونٹر اتوار کو ضلع کے ایٹرنگرم منڈل کے چلپاکا جنگلات میں پیش آیا۔ مہلوکین میں ماؤسٹ ایلندو۔ نرسم پیٹ ایریا کمیٹی کا کمانڈر بدرو عرف پاپنا بھی شامل ہے۔ پولیس نے تصادم کی جگہ سے آتشیں اسلحہ برآمد کر لیا۔ انکاونٹر میں گرے ہاؤنڈز اور مقامی پولیس نے حصہ لیا۔ پولیس کے مطابق، اینٹی ماؤسٹ اسکواڈ کے ساتھ مل کر، تلنگانہ گرے ہاؤنڈس نے جنگل میں مشترکہ تلاشی آپریشن انجام دیا۔ سکیورٹی فورسس کا سامنا کرنے پر ماؤنوازوں نے مبینہ طور پر فائرنگ کی، جس سے پولیس جوابی کارروائی کرنے پر مجبور ہو گئی۔ فائرنگ کے تبادلے میں سات ماؤنواز ہلاک ہو گئے۔ مہلوکین کی شناخت نرسم پیٹ ایریا کمیٹی کا کمانڈر بدرو عرف پاپنا کے علاوہ ایگولاپو ملیا عرف مادھو، دیول عرف کرونا کر، جئے سنگھ، کشور، اور کامیش کے طور پر کی گئی ہے۔

# سنبھل کے شعلے، عدالت کا کمبل



ڈاکٹر سلیم خان

آگ پر پانی ڈالنے سے اس کے مزید بھڑک جانے کا بھی امکان ہوتا مگر کمبل ڈال دینے سے وہ بجھ جاتی ہے۔ پانی دراصل ہائیڈروجن اور آکسیجن کا مرکب ہے۔ یہ دونوں ساتھ رہیں تو آگ کو بجھاتے ہیں لیکن اگر الگ ہوجائیں تو ہائیڈروجن جلتی ہے اور آکسیجن جلاتی ہے۔ اترپردیش کی سرکار اور انتظامیہ دراصل سنبھل میں تشدد کی آگ کو لگا اور بڑھا رہے تھے لیکن عدلیہ نے اس پر کمبل ڈالدیا۔ کمبل کی وجہ سے ہوا کے بند ہوجانا آکسیجن کی فراہمی بند کردیتا ہے نیز آگ ازخود بجھ جاتی ہے الّا یہ کہ شعلے کمبل ہی کو جلا ڈالیں۔
سابق چیف جسٹس نے گیان واپی مسجد کے سروے کا حکم دے کر 1990 میں بنے مذہبی مقامات کے تحفظ کا قانون جلا کر راکھ کردیا۔ سنبھل سانحہ کے بعد عدالتِ عظمیٰ میں اس بابت زیر التواء مقدمہ پر سماعت کی گذارش کی گئی تو 4 دسمبر کی تاریخ مل گئی۔ اب چیف جسٹس سنجیو کھنہ کا امتحان ہے کہ وہ فتنہ وفساد کے اس دروازے کو پوری طرح بند کردیں یا کوئی ایسی کھڑکی کھلی چھوڑ دیں کہ جس سے شرانگیزی ہوتی رہے؟

سنبھل میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کی خاطر جامع مسجد کے مزید سروے پر روک لگا کر سپریم کورٹ نے ایک مثبت پیغام دیا ہے۔ اس نے مسلم فریق کو اپنی بات پیش کرنے کے لیے مناسب وقت دینے کا حکم دیا۔ عدالت عظمیٰ نے نچلی عدالتوں کو ہائی کورٹ سے واضح ہدایت نہ ملنے کی صورت میں کارروائی کرنے پر روک لگادی۔ چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی سربراہی والی بنچ نے معاملے کی سنگینی کو پیش نظر رکھ کر ہم آہنگی کو مقدم رکھتے ہوئے مسجد کمیٹی کو ہائی کورٹ سے رجوع کرنے کا مشورہ دیا۔ بینچ نے نچلی عدالت میں پیش کی جانے والی سروے کمشنر کی رپورٹ کو بھی شائع ہونے سے روکنے کیخاطر سیل بند لفافے میں محفوظ کرنے کا حکم دیا۔ اس معاملے میں عدالت نے یوگی حکومت کو غیر جانبداری کا مظاہرہ کرنے کی نصیحت کرکے زبردست جوتا مارا اور ہدایت دی کہ وہ امن وامان برقرار رکھنے کے لئے اقدامات کرے۔

سی جے آئی کی گہری تشویش کا اندازہ ان کے حکمنامہ میں درج الفاظ سے لگایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے سخت ہدایت دیتے ہوئے لکھا کہ "امن اور ہم آہنگی کو برقرار رکھنا ہوگا۔ ہم نہیں چاہتے کہ کچھ بھی ہو...... ہمیں مکمل طور پر غیر جانبدار رہنا ہوگا اور اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ کچھ بھی غلط نہ ہو"۔ بی جے پی کے نزدیک تو انسانی جان کی کوئی قدروقیمت نہیں ہے مگر ملک کا ہر ادارہ اس کی مانند بے حس بھی نہیں ہے۔ سنبھل میں اتر پردیش کی پولیس نے پہلے تو ہندو شر پسندوں کو مسجد میں گھسنے کا موقع دیا۔ ان کو اشتعال انگیز نعرے لگانے سے نہیں روکا بلکہ خود بھی گالی گلوچ پر اتر آئی۔ اس پر مسلمانوں نے احتجاج کیا تو ان پر سیدھے گولی چلادی گئی۔ اسی لیے عدالت کو پھٹکار لگانی پڑی مگر یوگی کی یوپی پولیس عادی مجرم ہے۔ ایک سے زائد مواقع پر ملک کی مختلف عدالتوں نے یوپی پولیس کو غیر جانبداری سے کام کرنے اور اپنے فرائض پوری سنجیدگی اور دیانتداری کے ساتھ انجام دینے کی نہ صرف ہدایت دی ہے بلکہ سرزنش بھی کی ہے۔ اپنی ہدایت میں جسٹس کھنہ نے بلاواسطہ مودی کو لپیٹتے ہوئے کہا کہ ایک معاملے پر پورے ملک کے امن وامان کو بھینٹ نہیں چڑھایا جاسکتا۔
سنبھل کے اندر 19 نومبر کو ایک منصوبہ بند سازش کے تحت سول عدالت کے جونیئر جج نے جامع مسجد کے سروے کا حکم جاری کیا اور اسی دن فیصلے پر عملدر آمد بھی ہوگیا لیکن چونکہ فساد نہیں ہوا اس لیے 24 نومبر کو شر پسندوں کے ساتھ سروے ٹیم دوبارہ جامع مسجد پہنچی۔ اس کے بعد مظاہرین و پولیس کے درمیان تصادم ہوگیا۔ اس کے نتیجے میں پولیس فائرنگ سے 6 نوجوان شہید ہوگئے۔ اس مقدمہ کی سماعت کے دوران جامع مسجد کمیٹی کی جانب سے سینئر وکیل حذیفہ احمدی نے اپنے مؤکل کے لیے قانونی حقوق استعمال کرنے کا موقع طلب کرتے ہوئے کہا کہ 1991 کے عبادت گاہ قانون کی موجودگی میں کسی بھی مسجد یا عبادت گاہ کے سلسلے میں ایسا کوئی دعویٰ نہیں کیا جاسکتا۔ اس قانون میں بہت واضح طور پر کہا گیا ہے کہ 1947 سے پہلے کی عبادت گاہوں میں کوئی سروے نہیں ہوگا، کوئی جانچ نہیں ہوگی اور ان کو بدلا نہیں جاسکے گا۔
مسجد کمیٹی کے وکیل احمدی نے بجاطور پر سابق چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی جانب سے گیان واپی مسجد کے سروے کی اجازت دینے کے فیصلے کو غلط اور عبادت گاہ قانون کے منافی قرار دیا۔ ان کے مطابق مسجد کے سروے کی رپورٹ عام کردی گئی اور اب وہاں پوجا ہورہی ہے۔ اس سے گیان واپی مسجد کی ہیئت بدل گئی ہے۔ انھوں نے سنبھل مس ٹ مقامی عدالت کی جانب سے شاہی جامع مسجد کے سروے کا حکم دینے یا اجمیر کی عدالت کا خواجہ معین الدین چشتی کی درگاہ پر مندر ہونے کے دعوے کی درخواست منظور کرکے اس پر نوٹس جاری کرنے کو غلط اور غیر قانونی بتایا۔ چیف ایڈوکیٹ احمدی نے تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں ایسے 10 مقدمات زیر التوا ہیں، جہاں فوراً سروے کا حکم دے دیا گیا اور سروے کمشنر بھی تعینات کردیا گیا۔ انہوں نے درخواست کی کہ ایسے احکامات پر روک لگائی جائے۔
چیف جسٹس نے سنبھل معاملے میں واضح کیا کہ ہائی کورٹ کی اجازت کے بغیر ٹرائل کورٹ 8 جنوری تک کوئی قدم نہیں اٹھا سکتا۔ اس فیصلے کے بعد مسلم فریق تو یقینی طور پر الہ آباد ہائی کورٹ جائے گا جہاں اس حوالے سے پہلے ہی کئی پی آئی ایل زیر سماعت ہیں۔ ان میں سے ایک میں سنبھل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، متعلقہ ایس ایچ او اور دیگر ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ عرضی میں یوپی حکومت کو ان افسران کو گرفتار کرنے کی ہدایات دینے کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ یہ مقدمہ حضرت خواجہ غریب نواز ویلفیئر ایسوسی ایشن کی جانب سے دائر کیا گیا جس میں الزام لگایا کہ پولیس کی فائرنگ سے چار افراد ہلاک ہوئے۔ درخواست میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کوئی ایف آئی آر درج نہیں کی گئی اس لیے ہائی کورٹ اس کی ہدایت دے۔

ڈاکٹر آنند پرکاش تیواری کی عرضی میں سی بی آئی کو 24 نومبر کو برپا ہونے والے تشدد کی وجوہات اور اس میں ملوث لوگوں کی مکمل جانچ کرنے اور عوام پر فائرنگ کی اجازت دینے والے افسر کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی استدعا گئی۔ پی آئی ایل میں تمام ذمہ دار افسر انکی گرفتاری کا مطالبہ کیا گیا کیونکہ انہیں واقعہ کی مکمل معلومات ہے۔ اس پی آئی ایل کے اندر ہائی کورٹ کے ایک ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں ایس آئی ٹی کے ذریعہ معاملے کی جانچ کرنے کا تقاضہ کیا گیا ہے۔ ہائی کورٹ کی طرف سے مقرر کی جانے والی مدت کے اندر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت بھی مانگی گئی۔ اسا انتہائی سنگین معاملے میں ریاست کے وزیر اعلیٰ اور وزیر داخلہ یوگی ادیتیہ ناتھ کو تو سانپ سونگھا ہوا ہے مگر اتر پردیش کے نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرشاد موریہ نے کہا کہ سنبھل میں امن وامان کے قیام کے لیے سپریم کورٹ کی ہدایت پر حکومت عمل کرے گی۔ دوسرے نائب وزیر اعلیٰ برجیش پاٹھک نے بھی عدالت کے حکم کا احترام کرنے اس پر عمل درآمد کی یقین دہانی کرتے ہوئے کہا کہ کسی کو قانون اپنے ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ نظم ونسق کو برقرار رکھا جائے گا اور تشدد کے واقعہ کی غیر جانب دارانہ جانچ کی جائے گی۔
یوگی کی ریاستی حکومت پر عدلیہ کا دباو بڑھا تو اس نے سنبھل تشدد کی جوڈیشل تحقیقات کرنے کے لیے ایک تین رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔ اس کمیٹی کی سربراہی الہ آباد ہائی کورٹ کے سابق جج دیویندر کمار اروڑہ کریں گے۔ سابق آئی اے ایس امت موہن اور سابق پولیس سربراہ اروند کمار جین اس میں شامل ہیں۔ سماجوادی پارٹی کے رکن پارلیمان ضیاء الرحمن برق نے عدالت عظمیٰ کے حکم کا خیر مقدم کیا تاہم اس واقعہ کی تحقیقات کے لیے سپریم کورٹ کے کسی موجودہ جج کے تقرر پر زور دیا کیونکہ ہائی کورٹ کا جج کے ریاستی حکومتی دباو میں آنے کا قوی امکان ہے۔ سماجوادی پارٹی نے سنبھل تشدد کے مہلوکین کے پسماندگان کو ۵-۵/ لاکھ روپے کی مالی مدد دینے کا اعلان کیا ہے نیز حکومت سے بھی ۲۵-۲۵/ لاکھ روپے معاوضے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اسے صدر جمہوریہ اور سپریم کورٹ کے علاوہ کسی سے انصاف کی توقع نہیں ہے۔ موجودہ صدر جمہوریہ بھی سرکار کے آگے بے دست و پا ہیں لیکن عدالتِ عظمیٰ اگر چاہے تو اس جن کو پھر سے بوتل میں بند کرسکتے ہیں مگر وہ ایسا کریں گے یا نہیں یہ وقت بتائے گا کیونکہ جب سے انصاف کی دیوی نے آنکھوں سے پٹی ہٹا کر ٹکور ٹکور دیکھنا شروع کردیا ہے وہ سرکار کے اشاروں کو خوب سمجھنے لگی ہے۔



# سوالوں میں گھرے مستقبل سے فکرمند ہندوستانی مسلمان

**ملک میں مسلم دور میں تعمیر شدہ عمارتوں، خصوصاً مساجد کے حوالے سے سنگھ پریوار کے تاریخ دان آئے دن نئے دعوے کرتے رہتے ہیں، انہیں ہر قدیم مسجد یا مزار کے نیچے کسی ہندو عبادت گاہ کا وجود نظر آتا ہے**

عبیداللہ ناصر



ہندوستانی سیاست میں 2014 یعنی مودی دور کے آغاز سے پہلے ایک سوال جو عام ہندوستانی مسلمان کے لیے سوچنا بھی گناہ سمجھا جاتا تھا، آج سب سے زیادہ اس کے ذہن کو پریشان کر رہا ہے۔ یہ سوال ہے کہ مودی، یوگی اور امت شاہ کے ہندوستان میں اس کا اور اس کی آئندہ نسلوں کا مستقبل کیا ہوگا؟ جب وہ ان سوالات کے جواب تلاش کرتا ہے اور تاریخ کے دریچوں میں جھانکتا ہے تو اسے کبھی کربلا یاد آتی ہے، کبھی بغداد پر ہلاکو خان کا قبضہ، دہلی پر نادر شاہ کا حملہ، نازی جرمنی میں یہودیوں کا قتل عام، غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی، سری لنکا میں بودھوں کے ہاتھوں ہندو تملوں کا قتل عام اور بوسنیا ہرزیگووینا جیسے خونریز واقعات۔ یہ تمام مناظر اس کی روح کو ہلا دیتے ہیں۔ ہندوستانی مسلمانوں نے 2014 سے پہلے بھی فسادات کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ جھیلا، لاکھوں جانیں گنوائیں اور کھربوں کی املاک نذر آتش ہوئیں۔ ان کے زخموں پر زخم لگتے رہے لیکن ان کا ہندوستانی قومیت پر اعتماد کبھی متزلزل نہیں ہوا۔ اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ اُس وقت زخم دینے والے کم تھے اور مرہم رکھنے والے زیادہ۔ حکومتیں انہیں اپنا دشمن نہیں سمجھتی تھیں اور عدالتیں بھی، چاہے مکمل طور پر نہ سہی لیکن کسی حد تک ضرور انصاف کے تقاضے پورے کرتی تھیں۔ آج ہندوستانی مسلمان اپنے بزرگوں کے پاکستان نہ منتقل ہونے کے فیصلے پر فخر کرنے کے بجائے کبھی کبھار یہ سوال کرنے لگے ہیں کہ کہیں وہ فیصلہ غلط تو نہیں تھا؟ ساورکر اور جناح کے دوقومی نظریے کے جس عفریت کو ہمارے روشن ضمیر لیڈروں نے 65-70 برسوں میں دفن کردیا تھا، وہ مودی دور کے آغاز کے ساتھ ہی دوبارہ خون آلود منہ لے کر سر اٹھا رہا ہے۔ یہ مسئلہ اب صرف ہندوستانی مسلمانوں تک محدود نہیں رہا بلکہ یہ ہندوستان کے وجود اور مستقبل سے بھی جڑ گیا ہے۔
ہمیں زیادہ دور ماضی میں جانے کی ضرورت نہیں، پچھلی صدی کے چند واقعات ہی کافی ہیں۔ جہاں کہیں بھی اکثریتی بالادستی، اقتدار کے نشے اور نفرت نے سر اٹھایا، وہاں تباہی کا سامنا ہوا۔ نازی جرمنی میں ہٹلر نے ساٹھ لاکھ یہودیوں کا قتل عام کیا لیکن نازی جرمنی اور خود ہٹلر کا انجام کیا ہوا؟ یوگوسلاویہ، جو عالمی برادری کا ایک اہم رکن تھا، نسلی فساد کا شکار ہو کر صفحۂ ہستی سے مٹ گیا۔ سری لنکا میں سنہالا بودھوں نے اقلیتی تمل ہندوؤں کی نسل کشی کی کوشش کی لیکن تمل ہندو وہاں سے ختم نہیں ہوئے۔ پاکستان آج اپنی لگائی ہوئی آگ میں جھلس رہا ہے اور اسرائیل پچھلے 75 برسوں سے فلسطینیوں کو ختم کرنے کی کوشش کر رہا ہے لیکن کامیاب نہیں ہو سکا۔

> بی جے پی اس فرقہ وارانہ ماحول کو اپنے سیاسی فائدے کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ وہ اس آگ کو مزید ہوا دے رہی ہے اور ہندوستان کی سرزمین کو مسلمانوں کے خون سے سرخ کر رہی ہے۔ اگر یہ سلسلہ نہ رکا تو یہ ملک کی فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور جمہوریت دونوں کے لیے سنگین خطرہ بن سکتا ہے۔ تمام تر ناامیدیوں کے باوجود آج بھی آخری سہارا عدالتیں ہی ہیں۔ بلڈوزر سیاست، ظلم، اور مدرسوں کے خلاف کارروائیوں کے باوجود علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کی برقراری اور آئین کے پیش لفظ میں 'سیکولر' اور 'سوشلسٹ' الفاظ کو برقرار رکھنے کے سپریم کورٹ کے فیصلے نے عدلیہ کی ساکھ کو کسی حد تک بحال کیا ہے۔

ہندوستان کے 25 کروڑ مسلمانوں کے ساتھ بھی یہی معاملہ ہے۔ یہ بات ان کے وجود کے دشمنوں کو سمجھ لینی چاہیے کہ نہ انہیں بحر ہند میں ڈبویا جاسکتا ہے، نہ کسی اور ملک دھکیلا جاسکتا ہے اور نہ ہی ان سب کی نام نہاد 'گھر واپسی' کرائی جاسکتی ہے۔ ہندوستانی مسلمان اس ملک کا ناقابل تنسیخ حصہ ہیں۔ انہیں مٹانے کی کتنی ہی کوششیں کیوں نہ کی جائیں، وہ اسی مٹی میں جنمیں گے اور اسی مٹی میں دفن ہوں گے۔ دو راستے واضح ہیں، ایک امن، سکون اور بقائے باہم کے ساتھ ترقی اور خوشحالی کا؛ اور دوسرا نفرت، تشدد اور تباہی کا۔ فیصلے کی ذمہ داری سب پر ہے۔
15 اگست 1947 کو آزادی تقسیم کے زخم کے ساتھ آئی تھی لیکن اس کے باوجود اُس وقت کے رہنماؤں نے دلوں میں کوئی تلخی نہیں رکھی۔ انہوں نے ہندوستان کو ایک سیکولر اور جمہوری ملک بنا کر دنیا کے سامنے محبت اور بھائی چارے کی ایک مثال پیش کی۔ ملک کے تمام شہریوں کو بلاتفریق مذہب، ذات، علاقہ اور زبان مساوی حقوق دیے گئے اور ان حقوق کے تحفظ کی ذمہ داری ایک خودمختار عدلیہ کو سونپی گئی۔ قانون ساز اداروں میں اکثریت حاصل کرکے کوئی حکومت آمر نہ بن جائے اور اقتدار ایک پارٹی یا فرد تک محدود نہ رہے، اس مقصد کے لیے خودمختار آئینی ادارے قائم کیے گئے لیکن مودی حکومت نے اقتدار میں آتے ہی ان اداروں میں سنگھی شاکھاؤں سے وابستہ افراد کو اہم عہدوں پر بٹھا کر انہیں اپنا حلقہ بگوش بنا لیا۔ جمہوریت کی بقا کے لیے تمام اداروں کی خودمختاری اہم ہے لیکن عدلیہ، الیکشن کمیشن اور میڈیا کو جمہوریت کی شہ رگ کی حیثیت حاصل ہے۔ گزشتہ دس برسوں میں ان تینوں اداروں میں جو انحطاط آیا ہے، اس نے جمہوریت کی بنیادیں ہلا کر رکھ دی ہیں۔ عدلیہ کے فیصلوں نے عوام کا اعتماد متزلزل کر دیا ہے۔ اس کی سب سے بڑی مثال ایودھیا تنازعہ پر سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے۔ اس کے علاوہ عدلیہ کا وہ فیصلہ جس نے مسلمانوں کے لیے سب سے بڑا مسئلہ کھڑا کیا، وہ 1991 کے عبادت گاہ تحفظ قانون کو کمزور کرنے کا اقدام ہے۔
ملک میں مسلم دور میں تعمیر شدہ عمارتوں، خصوصاً مساجد کے حوالے سے سنگھ پریوار کے تاریخ دان آئے دن نئے دعوے کرتے رہتے ہیں۔ انہیں ہر قدیم مسجد یا مزار کے نیچے کسی ہندو عبادت گاہ کا وجود نظر آتا ہے۔ نرسمہا راؤ کی قیادت میں کانگریسی حکومت نے اس تنازع کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کی نیت سے 1991 میں عبادت گاہ تحفظ قانون بنایا، جس کے تحت 15 اگست 1947 کو جو عبادت گاہ جس حالت میں تھی، اسے اسی حالت میں برقرار رکھنے کا حکم دیا گیا۔ تاہم، سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ نے اپنے فیصلے سے اس قانون کی بنیاد کمزور کردی۔ انہوں نے عبادت گاہوں کے سروے کی اجازت دی تاکہ معلوم کیا جاسکے کہ یہ عمارتیں پہلے کیا تھیں۔ اس سروے کا نتیجہ سنگھ پریوار کے دعوؤں کے حق میں جانے کا امکان ہے، جس کے بعد رام مندر کی طرز پر مہم چلائی جائے گی اور ملک میں مسلسل فرقہ وارانہ کشیدگی برقرار رہے گی۔ وارانسی کی گیان واپی مسجد کے بعد سنبھل کی جامع مسجد اور اجمیر میں خواجہ غریب نواز کی مزار کے سروے کے احکامات مقامی عدالتوں سے جاری کیے گئے۔ اس کے نتیجے میں سنبھل میں بدامنی پھیلی، اور پانچ بے گناہ مسلم نوجوان شہید کردیے گئے۔ اگر اس سلسلے کو نہ روکا گیا تو انسانی خون کا یہ سلسلہ نہ جانے کتنے اور سنبھل پیدا کرے گا۔
بی جے پی اس فرقہ وارانہ ماحول کو اپنے سیاسی فائدے کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ وہ اس آگ کو مزید ہوا دے رہی ہے اور ہندوستان کی سرزمین کو مسلمانوں کے خون سے سرخ کر رہی ہے۔ اگر یہ سلسلہ نہ رکا تو یہ ملک کی فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور جمہوریت دونوں کے لیے سنگین خطرہ بن سکتا ہے۔ تمام تر ناامیدیوں کے باوجود آج بھی آخری سہارا عدالتیں ہی ہیں۔ بلڈوزر سیاست، ظلم، اور مدرسوں کے خلاف کارروائیوں کے باوجود علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے اقلیتی کردار کی برقراری اور آئین کے پیش لفظ میں 'سیکولر' اور 'سوشلسٹ' الفاظ کو برقرار رکھنے کے سپریم کورٹ کے فیصلے نے عدلیہ کی ساکھ کو کسی حد تک بحال کیا ہے۔
جمعیۃ علماء ہند اور ایسوسی ایشن فار پروٹیکشن آف سول رائٹس (اے پی سی آر) کی کاوشوں سے کئی اہم مقدمات میں کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ عبادت گاہوں کے سروے کے فیصلے کے خلاف بھی یہی دونوں تنظیمیں سپریم کورٹ گئی ہیں۔ امید ہے کہ معزز جج صاحبان اس معاملے کی سنگینی اور اس سے ملک کو لاحق خطرات کو سمجھتے ہوئے جسٹس چندرچوڑ کے فیصلے کو مسترد کریں گے اور 1991 کے عبادت گاہ تحفظ قانون کی سختی سے پابندی کا حکم دیں گے۔ یہ حکم ضلعی عدالتوں کو دیا جانا چاہیے تاکہ مزید فرقہ وارانہ کشیدگی اور سانحات سے بچا جاسکے اور ملک کو دوبارہ کسی 'سنبھل' جیسے المناک واقعے کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ عدالتوں سے یہ امید برقرار ہے کہ وہ آئین کے تحفظ اور انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے ملک کو امن اور سکون کی راہ پر گامزن کریں گی۔ ☆

# غیر جمہوری واقعات وشر پسند عناصر کے خلاف سخت ایکشن کی ضرورت

ڈاکٹر جہاں گیر حسن

ایک مشہور کہاوت ہے کہ "جس کی لاٹھی اُس کی بھینس" تو موجودہ ہندوستان کے سیاسی منظرنامے پر یہ کہاوت بخوبی صادق آتی ہے۔ آج جمہوری اقدار کی پامالی اور جمہوری نظام کو یرغمال بنالینا عام بات ہوگئی ہے۔ ایک خاص کمیونٹی کی ایکتا واتحاد کے نام پر ملک بھر میں انتشار وخلفشار کو ہوا دی جارہی ہے۔ پہلے غیر مہذب اور غیر تعلیم یافتہ افراد مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث پائے جاتے تھے۔ لیکن آج کا المیہ یہ ہے کہ اب مہذب اور تعلیم یافتہ افراد کے سر مجرمانہ سرگرمیاں انجام دینے کا الزام لگ رہا ہے۔ کل جس آئین کے بل بوتے پر ہر طرح کے شر وفساد کی سرکوبی کی جاتی تھی آج اُسی آئین کی آڑ میں بلاخوف وخطر غیر آئینی اقدامات روا سمجھے جارہے ہیں۔ مدارس اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی اور بلڈوزر سسٹم پر کیے گئے عدالت عظمیٰ کے اہم فیصلوں سے مسلم کمیونٹی کے لوگ کچھ حد تک پُراُمید لگ رہے تھے کہ اب صاحبانِ اقتدار اور اُن کے درمیان قربتیں بڑھیں گی اور پُرانے گلے شکوے دور ہوں گے۔ لیکن مہاراشٹر، جھارکھنڈ اور ضمنی انتخابات میں صاحبانِ اقتدار کے طرزِ عمل نے ایک بار پھر اُن کی اُمیدوں پر پانی پھیر دیا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ صاحبانِ اقتدار اپنی عوامی خدمات وحکومتی کارنامے کو اِنتخاب کا موضوع بناتے اور اپنی کارکردگیوں کو گنواتے۔ مگر ہر بار کی طرح اِس بار بھی محض جذباتی اور کمیونل نعروں ("بٹیں گے تو کٹیں گے" اور "ایک ہیں تو سیف ہیں") کے سہارے انتخابی میدان میں زور آزمائی کی گئی۔ ایک طرح سے یہ اُن کی سیاسی کمزوری بھی ہے اور ملک ومعاشرت کی تعمیر وترقی میں ناکام ہونے کی دلیل بھی۔ پھر اسی پر بس نہیں ہوا۔ بلکہ جھارکھنڈ میں بنگلہ دیشیوں کی آمدوسکونت کا خوف دلا کر اکثریتی طبقہ کو پولرائز کرنے کی بھی کوششیں کی گئیں، جب کہ یہ حقیقت سبھی جانتے ہیں کہ غیر ملکیوں کی آمدوسکونت حکومت کا مسئلہ ہے عام شہریوں کا نہیں۔ حیرت در حیرت تو اِس پر ہے کہ مسلسل تیسری بار وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ حاصل کرنے کے بعد بھی صاحبانِ اقتدار اگر نفرت انگیز، اِنسانیت سوز اور جمہوریت کش نعروں کے محتاج ہیں، تو اُن کی عوامی خدمات وحکومتی کارنامے کہاں ہیں؟ آسمان نگل گیا یا زمین کھا گئی!
مہاراشٹر وجھارکھنڈ انتخاب کے نتائج جس اعتبار سے آئے ہیں، اُس سے یہی لگتا ہے کہ یہ ہریانہ اور جموں وکشمیر کا دوسرا حصہ ہے۔ کیوں کہ جس طرح ہریانہ اور جموں وکشمیر کے نتائج سے متعلق ایگزٹ اور پیش گوئیاں ہوئی تھیں، بعینہٖ مہاراشٹر اور جھارکھنڈ کے لیے بھی ہوئیں۔ لیکن نتیجہ دیکھا جائے تو مہاراشٹر کی جیت سے ہریانہ کی یاد تازہ ہوجاتی ہے اور جھارکھنڈ کی جیت سے جموں وکشمیر کی۔ کچھ لوگ سمجھتے ہیں اور کہتے بھی ہیں کہ مہاراشٹر کی جیت محض جناب وزیر اعظم کی کرشماتی شخصیت کا مرہون منت ہے۔ اگر یہ سچ مان لیا جائے تو جھارکھنڈ میں اُن کی کرشمائی شخصیت کہاں تھی؟ ذرائع کی مانے تو پچھلے انتخاب کے بالمقابل اِس بار جھارکھنڈ میں این ڈی اے کو صرف ہزیمت ہی نہیں اٹھانی پڑی ہے بلکہ اُن کی سیٹیں بھی کم ہوئی ہیں۔ لہٰذا مہاراشٹر کی جیت بالکل اُسی طرزِ عمل کا نتیجہ ہے، جو کہ ہریانہ میں اختیار کیا گیا تھا۔ مزید پیسوں کی ریل پیل اور آزاد اُمید کی خرید وفروخت کا بھی اُس میں اہم کردار رہا۔ رہی سہی کسر اپوزیشن جماعتوں کی آپسی خلش، اُن کی خوش فہمی اور سستی وغفلت، نیز مسلم رہنماؤں کی بیان بازی نے پوری کردی۔

> مرکزی حکومت پر لازم ہے کہ وہ جذباتی اور کمیونل نعروں سے بہرحال گریز کرے، تاکہ اُس کا نعرہ "سب کا ساتھ سب کا وکاس اور سب کا وشواس" واقعی پائیدار اور مضبوط ہو، اور اُسے ہر طبقات کا اعتماد بھی حاصل ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ ہر طرح کے چھوٹے بڑے غیر جمہوری واقعات پر بھی غیر متعصّبانہ رویہ اختیار کرے اور اَیسے تمام شر پسند عناصر کے خلاف نتیجہ خیز ایکشن لے جو ملک ومعاشرت کی تعمیر وترقی کی راہ میں روڑا اٹکانے کی کوشش کررہے ہیں

ضمنی انتخاب کی بات کی جائے تو پنجاب اور بنگال کے اندر اِین ڈی اے جیت کے لیے ترس گئی، البتہ! بہار میں کچھ نتیش کمار کے باعث تو بہت کچھ پرشانت کشور کی بدولت راحت مل گئی۔ رہ گئی اُترپردیش کی بات، تو یہ سارا ملک جانتا ہے کہ اَیڈمنسٹریشن نے کس طرح قوت کا استعمال کیا۔ مسلم، گوجر اور یادو برادریوں کو کس انداز سے دھمکایا اور اُنھیں ووٹ کرنے سے روکا بھی۔ عورتوں کے ساتھ پولیس نے جس غیر اِنسانی رویے کا مظاہرہ کیا اُس سے ہر کوئی دنگ ہے۔ ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ ملکی اور ریاستی سطح پر عورتوں اور اُن کے حقوق بحق حکومت محفوظ ہیں اور دوسری طرف اُنھیں عورتوں کو رائے دہی جیسے جمہوری حق سے محروم کردینے کی ساری کوششیں کی جاتی ہیں۔ جب سلامتی دستہ ہی شہریوں پر پستول تانے کھڑا رہے گا تو ایک عام شہری اپنے جمہوری حق کا اِستعمال کیسے کرے گا۔ ملک ومعاشرے کی تعمیر وترقی میں حصہ لینے کی ہمت وحوصلہ اُن کے اندر کہاں سے پیدا ہوگا اور اُمن وآشتی کے خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے کے لیے حکومت کے ساتھ وہ کس طرح کھڑا رہے گا اور پھر حکومت کی جیت کو جمہوری جیت کا جامہ کیسے پہنایا جائے گا؟
علاوہ ازیں سنبھل کی شاہی مسجد سروے معاملے میں ارکانِ عدلیہ نے جس برق رفتاری سے اپنی سرگرمی دکھائی ہے اور جس جلد بازی میں فیصلے صادر کیے ہیں، وہ ارکانِ عدلیہ کے حق میں قابل تعریف اور سودمند قدم ثابت ہونے کے بجائے، اُس کی جگ ہنسائی کا ذریعہ بن گیا ہے۔ کیوں کہ جو ارکانِ عدلیہ معمولی سے معمولی مقدمے کو بھی قبول ورڈ کرنے میں مہینوں لگادیتے ہیں اُنھوں نے ایک غیر معمولی مقدمے کو آنِ واحد میں قبول بھی کرلیا، فریقین کی باتیں بھی سن لیں اور سروے کا حکم بھی دے ڈالا، اور پھر سروے کنندہ بھی اِس قدر چاک وچوبند نکلے کہ اِدھر فیصلہ آیا اور اُدھر سروے کرنے پہنچ گئے۔ جب کہ تجربات شاہد ہیں کہ آج بھی مختلف مقدمے عدلیہ کے سردخانے میں پڑے دم توڑ رہے ہیں اور بے قصور افراد یا سلاخوں کے پیچھے رہنے پر مجبور ہیں یا پھر انصاف کی آس لگائے بیٹھے ہیں، لیکن اُن پر کسی کی توجہ نہیں۔
یہ تمام باتیں نہ صرف باشندگانِ ہند کے مفاد کے خلاف ہیں، بلکہ مرکزی حکومت کے اصل مقاصد واہداف کی برآری میں بھی سخت مانع ہیں۔ کیوں کہ اِنہی سانحات کے باعث آج معاشرت وسیاست انتشار وفساد کا شکار ہیں۔ گنگا-جمنی تہذیب وثقافت اور باہمی اِتحاد واتفاق کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہو پارہا ہے۔ ترقیات وایجادات کے راستے مسدود ہیں۔ تعلیم وتعلّم کا معیار گھٹ گیا ہے اور جہالت ونفرت کا گراف بڑھ گیا ہے۔ داخلی اور خارجی سطح پر غیر معمولی مشکلات درپیش ہیں۔ ملک کا وقار داؤ پر لگا ہوا ہے اور بین الاقوامی شبیہ بگڑتی جارہی ہے۔ تجارت ومعیشت چرمرا کر رہ گئی۔ بھکمری اور بے روزگاری نے جینا محال کر رکھا ہے۔ نوجوان بے راہ روی اور مجرمانہ سرگرمیوں کے نرغے میں پھنستے جارہے ہیں۔ تمام تر وسائل اور ذرائع کے ہوتے ہوئے بھی ناکامی ونامرادی ہی ہاتھ آرہی ہے اور تمام تر محنتوں اور مشقتوں کے باوجود مقاصد کی حصولیابی نہیں ہو پارہی ہے۔ کیا مرکزی حکومت یہ چاہتی ہے کہ "سب کا ساتھ سب کا وکاس اور سب کا وشواس" کا جنازہ نکل جائے اور اُس کا خواب محض خواب ہی رہ جائے اور شرمندۂ تعبیر نہ ہونے پائے؟ ہمارے خیال سے وہ ایسا ہرگز نہیں چاہتی کہ اُس کے خوابوں کا شیش محل تیار ہونے سے پہلے ہی چکنا چور ہوجائے۔
چناں چہ اگر ایسا ہی ہے جیسا کہ ہم گمان کررہے ہیں تو مرکزی حکومت پر لازم ہے کہ وہ جذباتی اور کمیونل نعروں سے بہرحال گریز کرے، تاکہ اُس کا نعرہ "سب کا ساتھ سب کا وکاس اور سب کا وشواس" واقعی پائیدار اور مضبوط ہو، اور اُسے ہر طبقات کا اعتماد بھی حاصل ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ ہر طرح کے چھوٹے بڑے غیر جمہوری واقعات پر بھی غیر متعصّبانہ رویہ اختیار کرے اور اَیسے تمام شر پسند عناصر کے خلاف نتیجہ خیز ایکشن لے جو ملک ومعاشرت کی تعمیر وترقی کی راہ میں روڑا اٹکانے کی کوشش کررہے ہیں۔ بالخصوص اپنے آس پاس کے دشمن نما دوستوں پر نظر رکھے کہ کہیں یہ لوگ اپنی مجرمانہ سرگرمیوں کے سبب کوئی ایسی سچویشن نہ پیدا کردیں جو حکومت ہند اور باشندگانِ ہند دونوں کے لیے مضر اور نقصان دہ ہو۔

مضمون ومراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

مالک، پبلشر، پرنٹر وایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55بی-وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

# محمد بن عثمانؒ حضرت ولی عصرؑ کے دوسرے نائب خاص



مولانا سید علی ہاشم عابدی

حضرت ولی عصر عجل اللہ فرجہ الشریف کے دوسرے نائب خاص جناب محمد بن عثمان رضوان اللہ تعالیٰ

جناب ابوجعفر محمد بن عثمان رضوان اللہ تعالیٰ علیہ اور آپ کے والد ماجد جناب عثمان بن سعید رضوان اللہ تعالیٰ علیہ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام اور حضرت ولی عصر عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے نزدیک قابل اعتماد و اعتبار تھے کہ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے انکے بارے میں فرمایا: یہ جو بھی حکم تم لوگوں تک پہنچائیں وہ میری جانب سے ہے اور جو کہیں وہ میری ہی بات ہے، انکی باتوں کو سنو اور انکی پیروی کرو کیوں کہ وہ میری نظر میں قابل اعتماد اور امین ہیں۔

جب پہلے نائب خاص جناب عثمان بن سعید رضوان اللہ تعالیٰ علیہ کی وفات ہوئی تو حضرت امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف نے جناب محمد بن عثمان رضوان اللہ تعالیٰ علیہ کو خط لکھا۔

انا للہ وانا الیہ راجعون تسلیما لامرہ ورضا بقضائیہ عاش ابوک سعیدا و مات حمیدا فرحمہ اللہ۔ من کمال سعادتہ ان رزقہ اللہ تعالیٰ ولدا مثلک یخلفہ بعدہ

''یعنی ہم اللہ کے لئے ہیں اور ہماری بازگشت بھی اسی کی جانب ہے۔ ہم اس کے امر پہ تسلیم اور اس کے فیصلہ پر راضی ہیں۔ تمہارے والد نے سعادت مند زندگی بسر کی اور نیک وفات پائی۔ اللہ ان پر رحمت نازل فرمائے۔ اور ان کی سعادت کا یہ کمال ہے کہ اللہ نے انہیں تمہارے جیسا بیٹا عطا کیا جو ان کے بعد ان کا جانشین ہے۔'' حضرت امام زمانہؑ کی اس مبارک تحریر سے واضح ہے کہ جناب محمد بن عثمان رضوان اللہ تعالیٰ علیہ کا مقام و مرتبہ آپ کے نزدیک بلند تھا اور وہ آپ کے نزدیک قابل اعتماد تھے۔

جناب ابوجعفر محمد بن عثمان رضوان اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے والد کی وفات کے بعد تقریبا چالیس برس تک حضرت ولی عصر عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کی وکالت خاصہ کی ذمہ داریوں کو بحسن و خوبی انجام دیا۔ عباسی حکمراں سمجھتے تھے کہ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کا کوئی جانشین نہیں ہے لہذا آپ اور آپ سے پہلے آپ کے والد نے مکمل تقیہ اختیار کیا تا کہ حکومت متوجہ نہ رہے اور شیعوں کو کوئی مشکل درپیش نہ ہو۔

8/ربیع الاول سن 260 ہجری کو ہمارے گیارہویں امام حضرت حسن عسکری علیہ السلام کی شہادت ہوئی اور ہمارے مولا و آقا حضرت ولی عصر عجل اللہ فرجہ الشریف کی امامت کا آغاز ہوا۔

لیکن ماحول اتنا پر آشوب تھا کہ کہ امام زمانہ بحکم خدا سے لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے یعنی غیبت صغریٰ کا آغاز ہوا۔ عباسی حکومت کی پوری کوشش تھی کہ امام زمانہؑ کو شہید کر دے لہذا امام حسن عسکریؑ کے بعد آپ کے اہل خانہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ حکومت کے جاسوسوں کی خیانتیں اور سپاہیوں کی جنایتیں اہل حرم کے تعاقب میں رہتی تھیں اور جب گھر کا ہی کوئی اہم فرد (جعفر) مخالف ہو تو باہری دشمن کو زیادہ محنت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ حالات اتنے مشکل تھے کہ خمس کا مال لانے والا بغیر کسی خط کے جناب محمد بن عثمان رضوان اللہ تعالیٰ علیہ کو دیتا تا کہ کوئی تحریر مشکل کا سبب نہ بن سکے۔ اور جب عباسی حاکم کو اس کے وزیر نے اطلاع دی کہ حضرت امام حسن عسکریؑ کے بعد انکے فرزند جو زندہ ہیں اور انھوں نے کچھ خاص لوگوں اپنا وکیل بنایا ہے تا کہ رقوم جمع کریں تو حاکم نے حکم دیا کہ جاسوس چھوڑیں جائیں تا کہ سب کو گرفتار کیا کر لیا جائے۔ ادھر حضرت امام زمانہؑ نے اپنے تمام وکلاء کو حکم دیا کہ جب تک میرا دوبارہ حکم نہ پہنچے کوئی کسی سے کوئی رقم وصول نہ کرے۔ جاسوس ایمان وخلوص کی چادر اوڑھ کر ایک وکیل کے پاس آیا اور کہا کہ مجھے اپنے مولا و آقا حضرت ولی عصر عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کی خدمت میں کچھ رقم بھیجنی ہے آپ میری مدد کریں تو وکیل نے حکم امامؑ کے مطابق جواب دیا کہ مجھے اس کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ اور اس طرح حضرت امام زمانہؑ نے دین ومذہب کی حفاظت کے ساتھ ساتھ مومنین کو بھی تحفظ بخشا۔

مذکورہ واقعہ سے بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ان نواب خاص نے کن مشکل حالات میں دین کی تبلیغ و بقا کی اہم ذمہ داریاں ادا کیں اور اللہ کے ان خالص بندوں پر ولی خدا امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کو کتنا اعتماد اور بھروسہ تھا اور یہ اپنے امام کے کیسے مطیع وفرمانبردار تھے کہ مولا کے امرونہی کو اپنے نفس پر مقدم رکھتے اور اپنی زندگی اسی اطاعت وفرمانبرداری میں بسر کی۔

جناب ابوجعفر محمد بن عثمان رضوان اللہ تعالیٰ ایک عظیم عالم و فقیہ تھے اور فقہ میں آپ کی ''کتاب الاشربۃ'' ہے جسے آپ کی وفات کے بعد آپ کی بیٹی ام کلثوم نے حسب وصیت جناب حسین بن روح رضوان اللہ تعالیٰ علیہ کو دی۔ دعائے سمات، دعائے افتتاح اور زیارت آل یاسین آپ ہی سے مروی ہے۔

جناب ابوجعفر محمد بن عثمان رضوان اللہ تعالیٰ کی 29/جمادی الاول 305 ہجری کو بغداد میں رحلت ہوئی اور وہیں دفن ہوئے۔ آپ کا مزار مقدس عاشقان اہلبیتؑ کی زیارت گاہ ہے۔

☆☆☆☆☆

# عرفان کا عرفان

مولانا سید محمد ظفر الحسینی (بنارس)

**عرفان زنگی پوری میرے لئے صرف ایک شاعر نہیں بلکہ وہ میرے عزیز ترین دوست اور دیرینہ رفیق ہیں جن سے دوستی کے علاوہ قرابت قریبہ بھی ہے لیکن دوستی و رفاقت قرابت پر فوقیت رکھتی ہے۔ لکھنؤ میں میرا قیام گریجویشن اور پوسٹ گریجویشن کے سلسلے میں 1975 سے 1979 تک تقریبا پانچ برس رہا اور یہی وہ زمانہ تھا جب ہم دونوں باہمی قلبی لگاؤ اور انتہائی قربت کی بنا پر ایک جان دو قالب بن کر سامنے آئے اور ناقابل تفکیک جسم و جان کی حیثیت سے پہچانے گئے۔ کھانے پینے اور سونے جاگنے سے لے کر سیر و تفریح تک اس کے علاوہ مسجد میں جاکر فریضہ نماز کی ادائیگی نیز مجالس و محافل میں شرکت تک ہمیشہ ہم دونوں ساتھ ساتھ رہے۔ اسلئے ان کا حق اور میرا فریضہ تھا کہ میں انکے سلسلے میں چند سطریں قلمبند کروں۔**

عرفان ایک جامع اور وسیع مفہوم کا لفظ ہے جس کے معنی اصل میں پہچاننے اور شناخت حاصل کرنے کے ہیں جو خاص طور پر اپنے دامن میں خداشناسی اور حقائق سے آگاہی کا مفہوم لئے ہوئے ہے، چنانچہ جس طرح یہ لفظ معرفت پروردگار سے لیکر علم عرفان تک دقیق علمی مطالب ومفاہیم کی ادائیگی کے لئے استعمال ہوتا ہے اسی طرح اسے معاشرے میں لوگوں کے نام کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے اور بچوں کو اس نام سے موسوم کرنا کوئی نئی روایت نہیں ہے مگر اس ضمن میں کہنا یہ ہے کہ ''عرفان'' حقیقتاً بہترین ناموں میں سے ایک ایسا نام ہے جس کے بہترین اثرات دوسرے اچھے ناموں کی طرح انسان کی شخصیت پر مرتب ہوتے ہیں۔

اس حقیقت کی ایک روشن مثال جناب عرفان زنگی پوری کا وجود ہے جن کا نام نامی بھی عرفان ہے اور تخلص بھی، اسی مناسبت سے میں نے اپنی تحریر کا عنوان ''عرفان کا عرفان'' منتخب کیا ہے۔ چنانچہ جو لوگ انھیں پہچانتے ہیں وہ پہچانتے ہیں لیکن جو نہیں پہچانتے ان کے لئے ان کا شائع ہونے والا کلام پہچاننے کا ذریعہ بنے گا۔

مجھے یہاں اختصار کے ساتھ بس یہ عرض کرنا ہے کہ جناب عرفان زنگی پوری ایک ایسی باشعور فرد ہیں جو مومن، مخلص، نیک، با اخلاق خوش مزاج اور دوسری خوبیوں کے حامل ہونے کے علاوہ شعرو شاعری کی دنیا میں بھی عرصہ دراز سے اپنی ایک پہچان اور اپنا ایک نام ونشان رکھتے ہیں، مختلف اصناف سخن میں ان کے کلام موجود ہیں لیکن کربلا سے ان کی قلبی اور دینی وایمانی وابستگی کی بنا پر سب سے پہلے ان کے سلام کا مجموعہ ''ضرب تبسّم'' کے عنوان سے منظر عام پر آچکا ہے۔

عرفان زنگی پوری میرے لئے صرف ایک شاعر نہیں بلکہ وہ میرے عزیز ترین دوست اور دیرینہ رفیق ہیں جن سے دوستی کے علاوہ قرابت قریبہ بھی ہے لیکن دوستی و رفاقت قرابت پر فوقیت رکھتی ہے۔ لکھنؤ میں میرا قیام گریجویشن اور پوسٹ گریجویشن کے سلسلے میں 1975 سے 1979 تک تقریبا پانچ برس رہا اور یہی وہ زمانہ تھا جب ہم دونوں باہمی قلبی لگاؤ اور انتہائی قربت کی بنا پر ایک جان دو قالب بن کر سامنے آئے اور ناقابل تفکیک جسم وجان کی حیثیت سے پہچانے گئے۔ کھانے پینے اور سونے جاگنے سے لے کر سیر وتفریح تک اس کے علاوہ مسجد میں جاکر فریضہ نماز کی ادائیگی نیز مجالس و محافل میں شرکت تک ہمیشہ ہم دونوں ساتھ ساتھ رہے۔ اسلئے ان کا حق اور میرا فریضہ تھا کہ میں انکے سلسلے میں چند سطریں قلمبند کروں۔

یقیناً شعر گوئی ان کا پسندیدہ مشغلہ ہے لیکن شعر گوئی میں جو چیز انکی خاص پہچان ہے وہ ہے حضرات اہلبیت اطہار علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سلسلے میں ان کی سخن سنجی اور قلم فرسائی، جس کا سلسلہ منقبت، قصائد، اور سلام وغیرہ کی شکل میں ابتدائے شباب سے آج تک جاری وساری ہے۔

ان کا حق یہ ہے کہ انھیں محض بہ حیثیت شاعر نہیں بلکہ بہ حیثیت مداح اہلبیتؑ پہچانا جائے اور ان کے کلام لوگوں کو بہ آسانی دستیاب ہوں تا کہ وہ اسے محفلوں اور مسالموں کی زینت بھی بنائیں اور اس سے فکری وادبی استفادے بھی کئے جائیں۔

شاعر بڑی محنتوں اور جانفشانیوں سے شعر کہتا ہے لیکن مجمع عام میں ایک مرتبہ سنانے کے بعد اسے ڈائری یا بستہ کی زینت بنا کر رکھ دینا اور طاق نسیاں کی نذر کر دینا شعر وادب کی بھی حق تلفی ہے اور صاحبان ذوق کے حق کی بھی پامالی ہے۔

چونکہ نثر کے مقابلے میں شعر زیادہ اثر انگیز ہوتا ہے اور اس کے اثرات زیادہ طولانی اور دیرپا بھی ہوتے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ اسے مختلف شکلوں میں مختلف عنوانات سے برابر منظر عام پر لایا جاتا رہے تا کہ صاحبان ذوق کی بھی تسکین وتسلی ہوتی رہے اور افراد قوم تک مفید مطالب اور موثر پیغامات بھی مسلسل پہنچتے رہیں۔

چنانچہ یہی بات شعراء کے دیوان اور مجموعہء کلام کے نشر واشاعت کی سب سے بڑی منطقی وجہ بھی ہے۔ خاص طور پر جب وہ کلام پیغمبر ختمی مرتبتؐ اور ان کی آلؑ پاک کی شان میں ہو، جس سے نہ صرف شعری ذوق کی تسکین ہوتی ہو بلکہ ذکر اہلبیتؑ کا احیاء بھی ہوتا ہو اور ثواب کے ساتھ ساتھ دیگر روحانی ومعنوی فوائد بھی حاصل ہوتے ہوں، اس پس منظر میں ''ضرب تبسّم'' کی اشاعت کافی اہمیت کی حامل ہے۔ سوا سو سے زیادہ سلام پر مشتمل یہ مجموعہء کلام جہاں کہیں جس کسی کے ہاتھ میں پہنچے گا ہر شخص اپنے اپنے اعتبار سے اسے پڑھے گا، دیکھے گا، پرکھے گا اور اپنا نظریہ قائم کرے گا، کوئی سطحی نظر سے محض ورق گردانی کرے گا تو کوئی دلچسپی اور باریکی سے اس کا مطالعہ کرے گا کوئی اس کا محض شعری وادبی پہلو سامنے رکھے گا تو کوئی ذکر اہلبیتؑ اور اجر وثواب کے نقطۂ نظر سے بھی فائدہ اٹھائے گا، اسی طرح کوئی تعریف کرے گا تو کوئی تنقید کرے گا، بہر حال ہر شاعر کے مجموعہء کلام یا ہر مصنف کی تصنیف کی صورت اس کو بھی ان مرحلوں سے گذرنا ہے۔ لیکن میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ لوگ صرف شاعر کے کلام سے آشنا نہ ہوں بلکہ کلام کے ساتھ ساتھ شاعر کے اوصاف وخصوصیات سے بھی ہوں اور شاعر کے مزاج وکیفیات کو بھی پہچانتے ہوں تا کہ اس کا کلام ان کے لئے مزید فائدہ بخش ثابت ہو۔ ایسے میں ضروری ہے کہ کسی بھی مجموعہء کلام میں دیباچہ یا تقریظ وغیرہ لکھتے وقت صرف رسمی باتوں پر اکتفا نہ کی جائے بلکہ واقعا کلام کی خوبیوں کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ شاعر کے امتیازات و خصوصیات کو بھی بیان کیا جائے۔

اسی نقطۂ نظر سے میں یہاں عرفان زنگی پوری کی بعض خوبیوں کیطرف اشارہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں:

۱۔ خلوص واخلاص: میں نے کبھی محسوس نہیں کیا کہ انھوں نے کبھی شہرت اور نام ونمود کے جذبہ کے تحت شعر کہے ہوں اور مدح اہلبیتؑ کی ہو۔ یہی وہ خلوص ہے جو ہر عمل صالح کی جان ہے کی بارگاہ میں اس کی قبولیت کا باعث بنتا ہے۔

۲۔ خودستائی اور خودفریبی سے پرہیز: آج کل اگر کوئی شعر موزوں بھی کر لیتا ہے تو وہ اپنے آپ کو بہت بڑا شاعر سمجھنے لگتا ہے، عرفان صاحب کافی طویل عرصہ سے شعر وشاعری کا شغف رکھتے ہیں لیکن وہ کبھی اپنے بارے میں خوش فہمی میں مبتلا نہیں ہوئے، نہ کبھی انھوں نے خود کو شاعر اعظم سمجھا اور نہ اپنے منہ میاں مٹھو بنے، بلکہ اس کے برعکس وہ آج بھی کوئی کلام لکھتے ہیں تو پڑھنے سے پہلے اپنے بعض احباب کے سامنے پیش کرتے ہیں تا کہ اگر کوئی اصلاح طلب بات ہو تو اس کی طرف انھیں ضرور متوجہ کیا جائے۔

۳۔ سادگئ طبع اور سادگئ سخن: ان کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ ان کے ذہن میں کبھی چھوٹے، بڑے، جونیئر سینئر، استاد شاگرد اور کہنہ مشق ونومشق وغیرہ کا تصور نہیں پیدا ہوتا، یعنی جو بات عام طور پر شعراء میں پائی جاتی ہے اس سے موصوف الحمد للہ محفوظ ہیں، ان کا نام سینئر شعراء کی صف میں اگر نہ پکارا جائے تب بھی انھیں نہ اعتراض ہوگا اور نہ وہ کلام پڑھنے میں تامل کریں گے۔ اسی طرح جب وہ کلام پیش کرتے ہیں تو ان کا لب ولہجہ بناوٹوں سے پاک بیحد سادگی بھرا ہوتا ہے۔

یہ وہ خوبیاں ہیں جو انھیں دوسروں سے ممتاز کرتی ہیں اور انھیں آج کے شعراء میں انفرادی شان کا مالک بناتی ہیں۔ دعاء ہے کہ اللہ انھیں سلامت رکھے اور ان کی شعری خدمات کا یہ سفر آئندہ بھی یوں ہی جاری رہے آمین۔

☆☆☆☆

# رفعت سروش: اردو ادب کا ایک روشن چراغ

ڈاکٹر شاہد حبیب

اردو ادب میں کچھ شخصیات ایسی ہیں جنھوں نے اپنی خدمات کے ذریعے زبان وادب کو نئی بلندیوں پر پہنچایا اور اپنے پیچھے ایسا علمی وادبی ورثہ چھوڑا جو آئندہ نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ رفعت سروش (1926-2008) اردو ادب کے ایسے روشن ستارے ہیں، جنھوں نے اپنی تخلیقی صلاحیتوں، زود نویسی، اور ریڈیو کی دنیا میں منفرد انداز سے ایک بلند مقام حاصل کیا۔ ان کی شخصیت متنوع اور ہمہ جہت تھی، جس نے ادب، شاعری، نثر، اور براڈ کاسٹنگ کے میدانوں میں گہرے نقوش چھوڑے۔ ان کی زندگی کے مختلف پہلو اور خدمات اردو زبان وادب کی دنیا کے لیے ایک مثال ہیں۔ جنھوں نے ادب وفن کی مختلف اصناف میں اپنی غیر معمولی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ ان کا اصل نام سید شوکت علی تھا، اور وہ 2 جنوری 1926 کو نگینہ، ضلع بجنور میں پیدا ہوئے۔ بجنور وہی سرزمین ہے جہاں سجاد حیدر یلدرم، عبدالرحمن بجنوری، اور اختر الایمان جیسے بلند پایہ ادیبوں اور شاعروں نے جنم لیا۔ رفعت سروش کا تعلق ایک معزز سید خاندان سے تھا اور ان کی ابتدائی زندگی، تعلیم و تربیت اور خاندانی پس منظر نے ان کی شخصیت پر گہرے اثرات مرتب کیے۔

رفعت سروش نے اپنی ابتدائی تعلیم نگینہ اور موانہ (میرٹھ) میں حاصل کی اور 1935 میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ابتدائی تعلیم کے بعد وہ بمبئی منتقل ہو گئے، جہاں انھوں نے ہندی ودیا پیٹھ سے 'بھاشا رتن' کا امتحان پاس کیا، جو بی اے کے مساوی تھا۔ بمبئی کی ادبی اور ثقافتی زندگی نے ان کی شخصیت کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کیا۔ یہاں انھوں نے اردو اور ہندی کے ماہرین کے ساتھ نشست وبرخاست کے مواقع حاصل کیے، جس نے ان کے ادبی اور تخلیقی سفر کی بنیاد رکھی۔ بمبئی کے اس علمی ماحول نے ان کی شخصیت کو مزید نکھارا اور ان کی ادبی صلاحیتوں کو جلا بخشی۔

رفعت سروش نے 1945 میں آل انڈیا ریڈیو بمبئی سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب ریڈیو ہندوستان کے عوام کے لیے تفریح اور معلومات کا سب سے اہم ذریعہ تھا۔ بمبئی ریڈیو سے 13 سال تک وابستگی کے دوران انھوں نے اپنے وقت کے مشہور ادیبوں اور شاعروں کی صحبت اختیار کی۔ اس کا ذکر انھوں نے اپنی مشہور کتاب بمبئی کی بزم آرائیاں میں بڑے دلچسپ انداز میں کیا ہے۔ بعد ازاں، وہ دہلی منتقل ہو گئے اور آل انڈیا ریڈیو دہلی سے منسلک ہو گئے، جہاں انھوں نے 26 سال تک خدمات انجام دیں۔ ریڈیو کے ساتھ ان کی وابستگی مجموعی طور پر 39 برس پر محیط تھی، اور 31 جنوری 1984 کو وہ ریڈیو سے سبکدوش ہوئے۔ 39 سالہ ریڈیو کیریئر کے دوران، رفعت سروش نے ادب اور صحافت کے معیار کو بلند کیا۔ ان کی آواز اور انداز آج بھی ان سامعین کے ذہنوں میں تازہ ہیں جنھوں نے ان کا سنہری دور دیکھا۔

رفعت سروش کا سب سے بڑا کارنامہ آل انڈیا ریڈیو کا مشہور پروگرام "اردو مجلس" تھا، جو روزانہ شام پونے آٹھ بجے نشر ہوتا تھا۔ اس پروگرام کی موسیقی کی مخصوص دھن اور رفعت سروش کے منفرد انداز نے اس پروگرام کو سامعین کے دلوں میں خاص مقام دلایا۔ یہ پروگرام اپنی منفرد موسیقی کی دھن اور ان کے مخصوص انداز پیشکش کی بدولت سامعین کے دلوں پر حکمرانی کرتا رہا۔ ان کی آواز ایک پہچان بن گئی، اور ان کا لب ولہجہ اردو زبان کے حسن کو مزید نکھارتا تھا۔ ان کی آواز نہ صرف ریڈیو کی پہچان بنی بلکہ اردو زبان کے تئیں ان کی محبت کا بھی عکاس تھی۔

رفعت سروش کی شخصیت ہمہ جہت تھی۔ وہ شاعر، ادیب، براڈ کاسٹر، ڈراما نگار، سوانح نگار، اور نقاد تھے۔ ان کی ادبی خدمات کا دائرہ وسیع تھا اور انھوں نے اردو ادب کو 87 کتابوں کا بیش قیمت خزانہ دیا۔ ان کی تصانیف میں شاعری، افسانہ، تنقید، ڈراما، تاریخ، اور سوانح عمری شامل ہیں۔

رفعت سروش کی شاعری میں حسن، عشق، انسانی جذبات اور سماجی مسائل کا حسین امتزاج ملتا ہے۔ رفعت سروش کی شاعری ان کے دل کی گہرائیوں اور احساسات کا آئینہ دار ہے۔ ان کے اشعار میں جذبات کی شدت اور الفاظ کی نرمی نمایاں ہے۔ ان کا پہلا مجموعہ کلام "وادی گل" 1963 میں منظر عام پر آیا، جو ان کی شاعرانہ حساسیت کا خوبصورت اظہار ہے۔ ان کے دوسرے مجموعے "ذکر اس پری وش" (1966) اور "جہان رقص ونغمہ" نے انہیں ایک ممتاز شاعر کے طور پر متعارف کرایا۔ ان کی نعتیہ شاعری بھی بے حد مقبول رہی۔ ان کی ایک نعت، جو آل انڈیا ریڈیو کے لیے ریکارڈ کی گئی تھی، آج بھی سامعین کے دلوں میں تازہ ہے۔ رفعت سروش کی شاعری میں ایک سماجی شعور اور انسانی ہمدردی کا عنصر نمایاں ہے، جو ان کی ترقی پسند سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ ان کی شاعری کی خاص بات یہ ہے کہ وہ انسانی جذبات، سماجی مسائل، اور روحانی تجربات کو بڑی خوبصورتی سے پیش کرتے تھے۔ ان کے اشعار کی سادگی اور اثر انگیزی قاری کو اپنے سحر میں جکڑ لیتی ہے۔ ان کی شاعری نہ صرف رومانوی موضوعات پر مبنی تھی بلکہ اس میں انسانی زندگی کی گہرائیوں اور پیچیدگیوں کو بھی عمدگی سے بیان کیا گیا ہے۔ ان کا یہ شعر ان کی شاعری کی گہرائی کو واضح کرتا ہے:

"اچھا یہ کرم ہم پہ تو صیاد کرے ہے
پر نوچ کے اب قید سے آزاد کرے ہے"

رفعت سروش صرف شاعر نہیں تھے بلکہ نثر نگاری میں بھی ان کا مقام منفرد تھا۔ ان کی نثر سادہ، شگفتہ، اور دلکش تھی۔ انھوں نے مختلف موضوعات پر کثیر تعداد میں کتابیں لکھیں، جن میں آپ بیتی، تنقید، اور ادبی تاریخ شامل ہیں۔ ان کی آپ بیتی "پتہ پتہ بوٹا بوٹا" اردو ادب کی ایک اہم کتاب ہے، جو ان کی زندگی کے نشیب و فراز کی مکمل عکاسی کرتی ہے۔ ان کی یہ خود نوشت اردو ادب کی بہترین خود نوشتوں میں شمار ہونے کے لائق ہے۔ یہ کتاب ان کی زندگی کے نشیب و فراز کے ساتھ ساتھ ان کی زندگی کے تجربات، اور یادوں کا ایسا حسین مرقع ہے جو قاری کو اپنے ساتھ باندھے رکھتا ہے۔



رفعت سروش نے ڈراما نگاری کے میدان میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ ان کے ڈرامے ادبی حسن کا شاہکار تھے، جن میں جذبات کی شدت، کہانی کی گہرائی، اور فن کی باریکیاں موجود تھیں۔ انھوں نے ریڈیو کے لیے کئی یادگار ڈرامے تخلیق کیے۔ ان کے ڈرامے موضوعات اور فنی باریکیوں کے لحاظ سے منفرد تھے۔ خاص طور پر اوپیرا کے ذریعے انھوں نے ایک نئی صنف کو مقبولیت دی، جو آج بھی سامعین کے دلوں پر گہرا اثر چھوڑتی ہیں۔ انھوں نے منظوم ڈرامے بھی لکھے، "شعور وآگہی" کے عنوان سے ان کے منظوم ڈرامون کا انتخاب 1993 میں منظر عام پر آیا۔ ان کے یہ منظوم ڈرامے فن اور جذبات کی ایسی پیشکش ہیں جو اپنی نوعیت کے منفرد تھے اور اردو ادب میں ایک نیا رجحان کو متعارف کرانے کا سبب بنے۔

تاریخ اور تنقید کے میدان میں بھی رفعت سروش کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ان کی تصانیف "پانی پت" اور "حرف حرف بمبئی" تاریخی اور ثقافتی اہمیت کی حامل ہیں۔ ان کی تنقیدی بصیرت نے اردو ادب کو نئے زاویوں سے دیکھنے اور پرکھنے کا موقع فراہم کیا۔

ان کی چند دیگر مشہور کتابوں کے نام درج ذیل ہیں:

ڈگر پنگھٹ کی (ڈرامے، مطبوعہ: 1991)

شاخ گل (مجموعہ کلام، مطبوعہ: 1992)

قلم کے صفیر (شخصیات پر مضامین، مطبوعہ: 1997)

براڈ کاسٹنگ (مطبوعہ: 2000)

بہارِ نوبہار (مضامین، مطبوعہ: 2004)

جہان رقص ونغمہ (منظوم ڈرامے اور اوپیرا، مطبوعہ: 2007)

آنسوؤں کے چراغ (مضامین، مطبوعہ: 2008)

آل انڈیا ریڈیو اور اردو (تحقیق وتذکرہ، مطبوعہ: 2008)

رفعت سروش کی تحریروں میں تاریخ، معاشرت، اور انسانی رویوں کا گہرا تجزیہ ملتا ہے، جو قاری کو سوچنے پر مجبور کر دیتا ہے۔ رفعت سروش کی زندگی میں کئی نشیب و فراز آئے، لیکن ان کے لیے سب سے بڑا سانحہ 15 دسمبر 1987 کو پیش آیا، جب ان کی شریک حیات صبیحہ سروش کا انتقال ہوا۔ اس حادثے نے ان کی زندگی پر گہرا اثر ڈالا، اور وہ اپنی باقی ماندہ زندگی اسی غم کے سہارے گزارتے رہے۔ ان کی بیٹی ڈاکٹر شبانہ نذیر، جو خود ایک معروف براڈ کاسٹر اور شاعرہ ہیں، نے ان کے علمی وادبی ورثے کو زندہ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ انھوں نے اپنے والد کی یادوں کو زندہ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی مرتب کردہ کتاب "نذر رفعت سروش" ان کی خدمات کا ایک خوبصورت اعتراف ہے۔

رفعت سروش کی خدمات کو دنیا بھر میں سراہا گیا۔ ان کی وفات کے کئی سال بعد بھی ان کی یاد منائی جاتی رہی۔ 2022 میں "انڈین ڈائیسپورا واشنگٹن ڈی سی میٹرو" کے زیر اہتمام ایک آن لائن میٹنگ میں ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس تقریب میں دنیا بھر سے ادیبوں، شاعروں، اور محققین نے شرکت کی اور ان کی زندگی اور خدمات پر روشنی ڈالی۔ جن میں ڈاکٹر رضی رضی الدین، پروفیسر فاروق بخشی، انیس اعظمی، ڈاکٹر شکیل اختر، اور ودوشی سمن دیوگن جیسی شخصیات کے نام اہم ہیں، مقررین نے ان کی ادبی خدمات، ترقی پسند سوچ، اور انسانی ہمدردی کے پہلوؤں کو اجاگر کیا۔ اس تقریب سے یہ واضح ہوا کہ رفعت سروش کی یادیں آج بھی زندہ ہیں اور ان کی خدمات کو نسل در نسل یاد رکھا جائے گا۔ اس موقع پر رفعت سروش کی ایک مقبول نعت اور غزل بھی پیش کی گئی، جس نے شرکاء کو مسحور کر دیا۔ رفعت سروش کی ادبی خدمات پر کئی محققین نے کام کیا ہے۔ ان پر شائع ہونے والی کتابوں میں محمد سالم کی "بہار نو بہار: رفعت سروش" اور ڈاکٹر عطیہ سلطان کی "رفعت سروش" شامل ہیں۔ ڈاکٹر وسیم بیگم نے ان پر ایک مونوگراف مرتب کیا، جو ساہتیہ اکیڈمی کے ذریعے شائع ہوا۔ ان کی ادبی خدمات پر ڈاکٹر رضیہ حامد کے جریدے "فکر وآگہی" کے خصوصی شمارے بھی شائع ہوئے۔ جو ان کی شخصیت اور خدمات کا جامع جائزہ پیش کرتا ہے۔

رفعت سروش اردو ادب کی دنیا میں ایک ایسا نام ہے جو ہمیشہ زندہ رہے گا۔ انھوں نے شاعری، نثر، ڈراما، اور براڈ کاسٹنگ کے میدان میں جو خدمات انجام دیں، وہ اپنی مثال آپ ہیں۔ ان کی زندگی اور کام نہ صرف ادب کے طلبا کے لیے بلکہ ہر اس شخص کے لیے مشعل راہ ہیں جو علم وادب سے وابستہ ہے۔ رفعت سروش کی زندگی ایک مسلسل جدوجہد، محبت، اور فن کی معراج کی کہانی ہے، جس نے اردو ادب کو نئی جہتیں عطا کیں۔ ان کا نام ہمیشہ ادب کی تاریخ میں سنہرے حروف میں لکھا جائے گا۔ رفعت سروش کا شمار اردو ادب کے ان چند خوش نصیب ادیبوں میں ہوتا ہے جنھوں نے اپنے فن سے ادب کے دائرے کو وسعت دی۔ ان کی شخصیت اور کام آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ رفعت سروش کی شخصیت اور خدمات کا احاطہ ایک مضمون میں کرنا ممکن نہیں۔ وہ ایک ہمہ جہت فنکار تھے۔ ان کا ادبی ورثہ ہمیشہ اردو ادب کی دنیا کو روشنی دیتا رہے گا۔

اسسٹنٹ ایڈیٹر، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
موبائل: 8539054888)

☆☆☆

